لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | اتوار 13 ستمبر 2026ء 1448ھ 30 ربیع الاول 29 بھادوں صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 231

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com



206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)



بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازع جموں کشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے پاکستان

جموں وکشمیر سے متعلق بھارتی دعوے مسترد، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کرنے کا مطالبہ، نام نہاد بھارتی سرکاری نقشوں اور یک طرفہ خودمختاری کے دعوؤں کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، ترجمان دفتر خارجہ

عالمی برادری بھارت کو کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا وعدہ پورا کرنے پر مجبور کرے اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام یقینی بنائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے مقبوضہ جموں وکشمیر سے متعلق بھارتی دعوے مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ نام نہاد بھارتی سرکاری نقشوں اور یک طرفہ خودمختاری کے دعوؤں کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارت کے یک طرفہ اقدامات مقبوضہ کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے۔ دفترِ خارجہ کے ترجمان کے مطابق مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم ترین حل (بقیہ نمبر 2)





لاہور:: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی صاحبزادی ماہ نور صفدر کی نکاح کی تقریب شہباز شریف کی شریف آوری

وزیراعظم شہباز شریف کی زرعی شعبے کی برآمدات بڑھانے کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافے، نئی منڈیاں تلاش کرنے اور زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطے اور شراکت داری یقینی بنانے کی ہدایت

زرعی برآمدات بڑھانے کیلئے منڈیاں تلاش کی جائیں

وزیراعظم

وزیراعظم کی زیر صدارت زرعی شعبے اور زرعی برآمدات کے فروغ سے متعلق اجلاس میں ملک میں فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، لائیو اسٹاک کی ترقی اور زرعی برآمدات میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کسانوں کو فصلوں کی نگرانی کیلئے دستیاب موبائل ایپ کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کیلئے مؤثر میڈیا مہم چلانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زرعی شعبے کی برآمدات بڑھانے کے لئے زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن ناگزیر ہے، زرعی شعبے کا پاکستان کی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ہے، پاکستان کی زرعی مصنوعات کے لیے عالمی منڈیوں میں رسائی بڑھانے اور نئی منڈیاں تلاش کرنے کے لیے مربوط اقدامات لیے جائیں۔ جمعہ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت زرعی (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان رچرڈ مین یحییٰ آفریدی نیشنل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

ٹرمپ نے حوثیوں کے خلاف کارروائی کی سعودی درخواست مسترد کر دی، امریکی میڈیا

بحیرہ احمر میں حوثیوں سیلاحق خطرے پر سعودی ولی عہد نے گزشتہ روز امریکی صدر ٹرمپ سے دو بار ٹیلی فون پر رابطہ کیا

ٹرمپ نے امریکی فوج کو ایران اور آبنائے ہرمز پر توجہ مرکوز رکھنے کی ہدایت کی ہے، ٹرمپ یمن کی صورت میں ایک اور محاذ کھولنے سے گریزاں ہیں

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی صدر ٹرمپ نے سعودی ولی عہد کی حوثیوں کے خلاف کارروائی کی درخواست کو مسترد کر دیا۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایکسیوس نے دعویٰ کیا ہے کہ بحیرہ احمر میں حوثیوں سیلاحق خطرے پر سعودی ولی عہد نے گزشتہ روز امریکی صدر ٹرمپ سے دو بار ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق محمد بن سلمان نے ٹرمپ پر زور دیا کہ وہ حوثیوں کے خلاف کارروائی کریں تاہم امریکی صدر نے حوثیوں کے (بقیہ نمبر 23)

روان برس اگست دنیا کا گرم ترین مہینہ قرار

اگست کا درجہ حرارت صنعتی دور سے قبل 1850 سے 1900 کے اوسط کے مقابلے میں 1.65 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہا۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اگست 2026 ترین مہینہ بن گیا جب دنیا کے اوسط درجہ حرارت نے جولائی 2023 کے سابقہ عالمی سطح پر ریکارڈ کیا جانے والا مشترکہ طور پر گرم (بقیہ نمبر 38)


مکران ڈویژن، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، فتن الہندوستان کا بڑا حملہ ناکام

مکران (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے مکران ڈویژن کے ضلع تمپ (بقیہ نمبر 14)

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز

قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کے چیمبر میں اپوزیشن کا اہم اجلاس ہوا جس میں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ شریک ہوئے

پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کے لیے بھرپور تیاری کی ہدایت کی گئی۔ ملک کے بگڑتے حالات پر تمام جماعتوں سے رابطہ کر کے اے پی سی بلانے کا فیصلہ کیا گیا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تقرری کے سلسلہ میں حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز ہو گیا۔ قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کے چیمبر میں اپوزیشن کا اہم اجلاس ہوا جس میں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ شریک ہوئے۔ اجلاس میں 27 ستمبر (بقیہ نمبر 15)

وزیر تجارت سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو کی ملاقات

ہانگ کانگ (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو نے (بقیہ نمبر 16)

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت اور پیپلز پارٹی کے مذاکرات اور رابطوں کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کو مکمل مینڈیٹ دے دیا تھا جس کے بعد پیپلز پارٹی قانون سازی کے معاملے پر لچک دکھانے پر آمادہ ہو گئی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی اور قانون سازی پر اختلافات ختم کرانے کے لیے پس پردہ رابطے کامیاب ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دونوں سیاسی جماعتوں کے درمیان ڈیڈ لاک ختم کرایا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پیپلز پارٹی سے مذاکرات اور رابطوں کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کو مکمل مینڈیٹ دے دیا تھا جس کے بعد پیپلز (بقیہ نمبر 12)

سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی نے ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب متعارف کرا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایس آئی ایف سی کی ون ونڈو سہولت کاری سے سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں کاروباری مواقع تک رسائی آسان بنائی جاری رہی ہے، ایس آئی ایف سی مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع، سہولیات اور معاونت سے متعلق جامع رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکٹر اسپیسفک سپورٹ کے ذریعے سرمایہ کاروں کو موزوں مواقع سے منسلک کر رہا ہے

وزیر داخلہ کا قائداعظم کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ عقیدت

قائداعظم نے ایک منتشر قوم کو نظریہ، شعور اور آزاد ریاست دی، محسن نقوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات دلا کر دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور باوقار ریاست قائم کی، ان کی بے مثل قیادت قومی تاریخ کا روشن ترین باب ہے۔



اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے قطر کے وزیر ملاقات کرتے ہوئے

سندھ کی تقسیم کسی صورت مسلط نہیں کی جا سکتی، مراد علی شاہ

صوبائی حدود میں تبدیلی کیلئے آئین میں واضح طریقہ کار موجود ہے

صوبائی حدود میں تبدیلی کیلئے متعلقہ اسمبلی کی دو تہائی اکثریت اور صوبے کی رضامندی ضروری ہے، وزیراعلیٰ سندھ

میر رضا قتل کیس میں انصاف یقینی بنائیں گے، مداخلت کا تاثر درست نہیں، مزار قائد پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو

سندھ اسمبلی اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے صوبے کی تقسیم کے خلاف متعدد بار اپنی رائے کا اظہار کر چکی ہے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے قائداعظم محمد علی جناح کے 78 ویں یوم وفات پر مزار قائد پر حاضری دے کر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت مسلط نہیں کی جا سکتی، صوبائی حدود میں تبدیلی کیلئے آئین میں واضح طریقہ کار موجود ہے، متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت کے بغیر ایسا کوئی اقدام ممکن نہیں۔ مزار قائد پر پھولوں کی چادر چڑھانے، فاتحہ خوانی اور مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ اسمبلی اپنے منتخب نمائندوں (بقیہ نمبر 20)

چیف جسٹس کا ہنگامی اجلاس، پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

سعودی عرب کو اپنے شہریوں، رہائشیوں اور قومی اثاثوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کا جائز حق حاصل ہے۔ یمن کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک اور خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے

یمن کی صورتحال پر گہری تشویش ہے، بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے باعث تشویش ہیں۔ یمن میں مزید کشیدگی روکنے اور سفارت کاری کے لیے گنجائش برقرار رکھنا ضروری ہے، عاصم افتخار

نیویارک (نیٹ نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سلامیت کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ سلامتی کونسل کا سعودی عرب پر حوثی حملے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے سعودی (بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی میں 14، 15 ستمبر کو موسلا دھار بارش کی پیشگوئی

تیز ہواؤں، گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان، اربن فلڈنگ اور بجلی کی بندش کا خدشہ، متعلقہ اداروں کو احتیاطی اقدامات کی ہدایت

کراچی (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے کراچی میں آئندہ دنوں کے دوران موسم کی صورتحال کے حوالے سے پیشگوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں 14 اور 15 ستمبر کو تیز ہواؤں، گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ہے، جبکہ شہریوں کو ممکنہ اربن فلڈنگ اور دیگر مسائل کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خلیج (بقیہ نمبر 39)

وزیر داخلہ سندھ کا میئر کراچی کے ہمراہ مختلف تھانوں کا دورہ، تھانوں کے ایس ایچ اوز سمیت متعدد اہلکار معطل

پولیس کا بنیادی کام عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہے، فرائض میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ضیاء لنجار

عزیز بھٹی اور شاہراہ فیصل تھانے کا پورا عملہ معطل، فیروز آباد میں بغیر وردی اہلکاروں کے خلاف کارروائی، پولیس کو وردی میں ڈیوٹی کی ہدایت

کراچی (آئی این پی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے رات گئے شہر کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا، جہاں ڈیوٹی سے غیر حاضر، بغیر وردی موجود اور فرائض میں غفلت برتنے والے پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے سب سے پہلے فیروز آباد تھانے کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے تھانے میں موجود شہریوں سے ان کے مسائل دریافت کیے اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر مسائل حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مختلف مقدمات میں زیر حراست افراد سے بھی پولیس کے رویے اور دیگر امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ فیروز آباد تھانے میں بغیر وردی موجود عملے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سب انسپکٹر وسیم کو معطل کر کے ایک درجہ تنزلی کر دی گئی، جبکہ کانسٹیبل عبدالوہاب کو بھی معطل کر دیا گیا۔ بعد ازاں وزیر داخلہ سندھ عزیز بھٹی (بقیہ نمبر 19)

صوبے بنانے کی بحث سے پہلے مضبوط بلدیاتی اداروں کا قیام ضروری ہے، محمد علی درانی

پاکستان میں اشرافیہ کا قبضہ قائم ہو چکا ہے، اسٹیٹس کو آپشن نہیں، چھوٹے صوبوں سے پہلے عوام کو اختیار دینا ضروری ہے

ملک کا موجودہ نظام ایک ایسے قبضے کا شکار ہے جس میں حکمران طبقہ خود کو مکمل بااختیار سمجھتا ہے جبکہ عوام کا اقتدار میں عملی حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

عوام موجودہ صورت حال میں اپنا وجود محفوظ نہیں سمجھتے اور وہ تبدیلی چاہتے ہیں جبکہ حکمران طبقہ موجودہ نظام برقرار رکھنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

لاہور (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر اطلاعات محمد علی درانی نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے اسٹیٹس کو کوئی آپشن نہیں ہے اور عوام کو مچھلی سطح پر اختیارات کی منتقلی اب ناگزیر ہو چکی ہے، اصل مسئلہ صرف نئے یا چھوٹے صوبوں کا قیام نہیں بلکہ عوام کو اقتدار، وسائل اور فیصلہ سازی میں حقیقی شراکت دینا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ملک کا موجودہ نظام ایک ایسے قبضے کا شکار ہے جس میں حکمران طبقہ خود کو مکمل بااختیار سمجھتا ہے جبکہ عوام کا اقتدار میں عملی حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ عوام موجودہ صورت حال میں اپنا وجود محفوظ نہیں سمجھتے اور وہ تبدیلی چاہتے ہیں (بقیہ نمبر 28)

محسن نقوی سے رابطہ رہتا ہے تفصیلات نہیں بتائیں گے، بیرسٹر گوہر

ڈائیلاگ بانی پی ٹی آئی کی پالیسی ہے، کس سے، کب، کن شرائط پر ہونا ہے فیصلہ عمران خان ہی کریں گے۔ کوئی قدم بانی پی ٹی آئی کی مرضی کے بغیر نہیں اٹھاتے

اگر بات کرنی ہے تو سنجیدگی اور خلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو، وزیراعظم صاحب نے خط لکھا تھا فائنل لیٹر ہمیں موصول ہو گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ محسن نقوی سے رابطہ رہتا ہے، کبھی انکار نہیں کیا، محسن نقوی سے رابطے کی تفصیلات نہیں بتائیں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ڈائیلاگ بانی پی ٹی آئی کی پالیسی ہے، کس سے، کب، کن شرائط پر ہونا ہے فیصلہ عمران خان ہی کریں گے۔ کوئی قدم بانی پی ٹی آئی کی مرضی کے بغیر نہیں اٹھاتے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ مذاکرات کی بات کی کمیٹیاں بنائیں، حکومت کی جانب سے سنجیدگی نہیں دکھائی گئی ہماری آواز کو کمزوری سمجھا گیا، اس وقت نہ حکومت سے مذاکرات ہو رہے ہیں نہ کسی بیک چینل سے، قانونی معاملہ اپنی جگہ سیاسی حل کیلئے جلد مذاکرات ہونے چاہیے۔ چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ اگر بات کرنی ہے تو سنجیدگی اور خلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو، وزیراعظم کے خط سے متعلق سوال کے جواب پر کہا کہ وزیراعظم صاحب نے خط (بقیہ نمبر 34)

جنگِ ستمبر کا گیارہواں دن؛ پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی سے دشمن پسپا

بھارتی فوج کو ابتدائی حملوں میں شکست دینے کے بعد پاک افواج کے حوصلے اور عزم مزید بلند ہو گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ستمبر 1965 کی جنگ کے گیارہویں روز پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی سے دشمن بھاری نقصان کے ساتھ پسپا ہوا۔ بھارتی فوج کو ابتدائی حملوں میں شکست دینے کے بعد پاک افواج کے حوصلے اور عزم مزید بلند ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق افواج پاکستان منظم ہو کر دشمن پر ڈٹ کر جوابی کارروائیوں اور بھرپور حملوں کے لیے مکمل تیار ہو گئی۔

جماعت اسلامی کا دھرنا عوام کی آواز ہے، پٹرولیم لیوی ختم کی جائے: مفتاح اسماعیل

حکومت پٹرول پر 85 روپے لیوی سمیت 106.68 روپے اضافی وصول کر رہی ہے

عوام سبسڈی نہیں بلکہ ٹیکس میں کمی چاہتے ہیں، سابق وزیر خزانہ

کراچی (آئی این پی) عوام پاکستان پارٹی کے جنرل سیکریٹری مفتاح اسماعیل نے گورنر ہاؤس کے باہر جماعت اسلامی کے جاری دھرنے کی حمایت کرتے ہوئے حکومت سے پٹرولیم مصنوعات پر عائد پٹرولیم لیوی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دھرنے کے 26 ویں روز شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ دھرنے کے شرکاء 25 کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں، وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان کے مطالبات معقول ہیں اور انہیں سمجھنے کے لیے کسی راکٹ سائنس کی ضرورت نہیں۔

قائداعظم کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں، سینیٹر روبینہ خالد

ہمیں قائداعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں ہر شہری کو مساوی حقوق اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد وطن دے کر انہیں شناخت، وقار اور خودمختاری کا حق دلایا، ان کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 11 ستمبر یوم وفات قائداعظم محمد علی جناح (بقیہ

شیری رحمٰن کا بچوں کیخلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر اظہارِ تشویش

89 فیصد کیسز کا کیس درج ہونا اچھا ہے، فوری تفتیش اور بروقت کارروائی بھی ضروری ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

بچوں سے زیادتی کے ملزمان کی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمٰن نے بچوں کے خلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے۔ شیری رحمٰن نے اپنے بیان میں کہا کہ جنوری تا جون 2026 بچوں کے خلاف زیادتی کے 1914 کیسز (بقیہ نمبر 25)

صوبائی وزیر قانون کا ساہیوال میں مبینہ رشوت طلبی کے واقعہ کا نوٹس، ڈی پی او سے رپورٹ طلب

انکوائری مکمل ہونے تک متعلقہ ایس ایچ او تھانہ نور شاہ اور محرر کو موجودہ ذمہ داریوں سے ہٹایا جائے، رانا محمد اقبال خان

وزیراعلیٰ پنجاب کے کرپشن فری پنجاب کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے حکومت پوری طرح پرعزم ہے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے ضلع ساہیوال کے تھانہ نور شاہ میں شہری سے مبینہ طور پر رشوت طلب کیے جانے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او ساہیوال سے فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ معاملے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ پر مبنی انکوائری کی جائے اور حقائق (بقیہ نمبر 26)

لاہور ہائیکورٹ نے افغان میڈیکل طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک دیا

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک دیا، عدالت نے یہ حکم 30 سے زائد افغان طلبہ کی جانب (بقیہ نمبر 30)

پنجاب کے سرکاری سکولوں کی خراب کارکردگی، انکوائری شروع

لاہور (آئی این پی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کی خراب کارکردگی پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے انکوائری شروع کر دی۔ وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کا کہنا ہے کہ 20 فیصد (بقیہ نمبر 29)



لاہور برطانوی ہائی کمیشن بین ممکن یونیورسٹی آف لاہور میں تقریب سے خصوصی خطاب کر رہے ہیں

پاکستانی نژاد ذیشان حامد کینیڈا کے وزیر برائے سیاحت و ثقافت مقرر

اس سے قبل ذیشان حامد آٹو تھیفٹ اینڈ بیل ریفارمز کے معاون وزیر تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی نژاد کینیڈین ذیشان حامد کو سیاحت و ثقافت کی صوبائی وزارت کا قلمدان سونپ دیا گیا۔ کینیڈا کے سب سے بڑے صوبے اونٹاریو کے پریمیئر ڈگ فورڈ نے متعدد وزارتوں میں تبدیلیوں کا اعلان کیا اور رکن اونٹاریو پارلیمنٹ ذیشان حامد کو وزیر برائے سیاحت و ثقافت مقرر کر دیا۔ اس سے قبل ذیشان حامد آٹو تھیفٹ اینڈ بیل ریفارمز کے معاون وزیر تھے۔



اسلام آباد: مولانا عبدالخبیر آزاد ربیع الثانی کا چاند دیکھتے ہوئے

پشاور، مبینہ اجتماعی زیادتی کے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت پشاور میں مبینہ اجتماعی زیادتی کرنے والے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان (بقیہ نمبر 33)

فیصل آباد، ایئرپورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد ایئرپورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق سکھ مسافر فیصل آباد سے شارجہ سے ہو کر (بقیہ نمبر 32)

Shehar Shehar Nagar Nagar



شہر شہر، نگر نگر



ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت پنجاب پروٹیکشن آف اونر شپ آف اموویبل پراپرٹیز سکروٹنی کمیٹی کا اجلاس

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت پنجاب پروٹیکشن آف اونرشپ آف اموویبل پراپرٹیز سکروٹنی کمیٹی کا اجلاس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت پنجاب پروٹیکشن آف اونرشپ آف اموویبل پراپرٹیز سکروٹنی کمیٹی کا اجلاس۔ اس موقع پر کیسز کے ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام کیسز کو مکمل شفافیت، قواعد وضوابط اور میرٹ کی بنیاد پر مرتب کرنے کے احکامات دیے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ پنجاب پروٹیکشن آف اموویبل پراپرٹیز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5) جائیدادوں کی ملکیت سے متعلق متعدد کیسز پیش کیے گئے۔ اس موقع پر کیسز کے ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام کیسز کو مکمل شفافیت، قواعد وضوابط اور

ڈپٹی ڈائریکٹر وزارت اطلاعات شاہد حبیب پر قاتلانہ حملہ, صحافتی تنظیمیں سراپا احتجاج، دو روز گزرنے کے باوجود مقدمہ درج نہ ہونے پر تشویش کا اظہار

چیچکی (نامہ نگار) ڈپٹی ڈائریکٹر وزارت اطلاعات شاہد حبیب پر قاتلانہ حملہ، صحافتی تنظیمیں سراپا احتجاج، دو روز گزرنے کے باوجود مقدمہ درج نہ ہونے پر تشویش کا اظہار، مقدمہ درج کرنے اور ملوث افراد کو گرفتار کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق انفارمیشن گروپ کے گریڈ 18 کے ڈپٹی ڈائریکٹر شاہد حبیب کی طرف سے راولپنڈی کے تھانہ صادق آباد میں اندراج مقدمہ کیلئے دی گئی درخواست میں بتایا گیا ہے کہ 9 ستمبر کی شام 6 بجے جب وہ اپنے دفتر سے بحریہ ٹاؤن میں واقع گھر کے لئے جا رہے تھے تو BVN156 نمبر کی سوزوکی سوئفٹ نے راول ڈیم چوک سے ان کا پیچھا کیا۔ فیض آباد پل پر گاڑی میں سوار نامعلوم ملزم نے انہیں روکنے کی کوشش کی تاہم وہ وہاں سے نکلنے میں کامیاب ہوئے جبکہ مذکورہ نمبر کی گاڑی نے دوبارہ ان کا پیچھا کیا اور چاندنی چوک مری روڈ پر ان کی گاڑی کے آگے گاڑی لگا کر سڑک بلاک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

آر یو جے پاکستان کے بانی رہنما مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کو ہم سے بچھڑے 11 سال ہو گئے



اوکاڑہ (امام دین نامہ نگار) رجسٹرڈ یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے بانی رہنما مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کو ہم سے بچھڑے 11 سال ہو گئے۔ مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کی آر یو جے پاکستان کے قیام اور علاقائی صحافیوں کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرزا محمد ارشد فریدی عظیم انسان اور نڈر صحافی رہنما تھے۔ ان کی برسی کے موقع پر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل، نائب صدر ویسٹ پنجاب عرفان نوید غوری، ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی محمد اشفاق چوہدری، سینئر رہنما ملک نیاز جھکڑ، رائے آمداد، ملک اعجاز بھٹی، صابر مغل، ضلعی صدر اوکاڑہ ظفر اقبال چوہدری، جنرل سیکرٹری راؤ غلام قادر، صدر ڈی یو جے اعجاز انجم کھوکھر، تحصیل صدر اوکاڑہ شہزاد انجم کمبوہ، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ، جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری، چیئرمین حاجی عمر فاروق، فنانس سیکرٹری حسنین نثار، سیکرٹری اطلاعات رانا آصف جبار ودیگر نے شرکت کی۔ برسی کے موقع پر مرزا محمد ارشد فریدی کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت کی۔

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے ڈسکہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے ڈسکہ کا دورہ کیا اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے انتظامات اور ستھرا پنجاب ایجنسی کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کی فوکل پرسن برائے ستھرا پنجاب عاصم محمود کے ہمراہ صدارت کی۔ سی او ایم سی ڈسکہ یاسر گیلانی، افضل منشاء، داؤد بخاری اور ایکسین پبلک ہیلتھ رانا ابرار بھی شریک تھے اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈسکہ میں صفائی کی صورتحال، بیٹ پلان پر عملدرآمد، صفائی عملہ کی کارکردگی، مکینیکل سویپنگ، کچرے کی بروقت منتقلی اور شہری علاقوں میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو صفائی کے حوالے سے جاری اقدامات اور کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ صوبائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

پاکستان ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے لندن تجارتی میلے میں شرکت کے انڈسٹریز کی قرعہ اندازی کا اجلاس کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیمبر آف کامرس انڈسٹری سیالکوٹ میں پاکستان ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے لندن تجارتی میلے میں شرکت کے انڈسٹریز کی قرعہ اندازی کا اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈیپارٹمنٹل کمیٹی چیمبر آف کامرس قیصر بیگ اور نائب صدر سلیمان شیخ نے کی۔ ڈیپارٹمنٹل کمیٹی ڈیپارٹمنٹل کمیٹی برائے تجارتی وفود، میلہ جات بیرون ممالک چیمبر آف کامرس قیصر بیگ نے اجلاس سے اپنے خطاب میں کہا میں گزشتہ 9 سال سے چیمبر آف کامرس کی ڈیپارٹمنٹل کمیٹی چیمبر آف کامرس کی بطور چیئرمین کام کر رہوں اس کمیٹی میں کمپنی نمائندوں کی موجودگی کمپنیوں کے ناموں کی میرٹ پر قرعہ اندازی جاتی اور موقع پر ان کمپنیوں کے ناموں کا اعلان کیا جاتا ہے اجلاس میں چیمبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)



گجرات پولیس کے 2 سب انسپکٹرز کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد اور اے ایس پی گجرات نجیب اللہ تنکیالے نے بیجز لگائے

گجرات پولیس کے 2 سب انسپکٹرز کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد اور اے ایس پی گجرات نجیب اللہ تنکیالے نے بیجز لگائے

گجرات (سید طارق حسین+ زیڈ اے بھٹی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ عبدالکریم کے ویژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی محکمانہ ترقی کا عمل جاری ہے۔ گجرات پولیس کے 2 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ پروموٹ ہونے والے افسران میں سب انسپکٹر آفتاب رسول اور غلام مرتضی شامل ہیں۔ ڈی پی او کمپلیکس گجرات میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد اور اے ایس پی نجیب اللہ تنکیالے نے ترقی پانے والے افسران کو بیجز لگائے، مبارک باد دی اور مستقبل کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات کا کہنا تھا کہ ترقی پانے والے افسران اپنی ذمہ داریاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیمو ایمرجنسی	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہوم ڈیپارٹمنٹ	99212111
سوئی گیس پائپ لائن	130
واپڈا پاور ہاؤس ایمرجنسی	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریزرویشن پوائنٹ	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری سیٹزن سیل	99213100
ہوم سیکرٹری شکایت	99202881
ہیلپ لائن شکایت سنٹر	111-000-118
سول سیکرٹریٹ شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
ٹی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

سہیل چوہدری نئے آئی جی اسلام آباد، اہم وقت میں پولیس کی کمان سنبھالیں گے

تحریر (جمشید شفیق اسلام آباد) سہیل چوہدری نئے آئی جی اسلام آباد، اہم وقت میں پولیس کی کمان سنبھالیں گیا سلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی کمان تبدیل، ڈی آئی جی سہیل چوہدری کو نیا آئی جی اسلام آباد تعینات کر دیا گیا۔



سہیل چوہدری کی بطور آئی جی اسلام آباد تعیناتی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب وفاقی دارالحکومت میں سیاسی سرگرمیاں اور ممکنہ احتجاج متوقع ہیں۔ ایسے حالات میں اسلام آباد پولیس کی کمان سنبھالنا کسی بھی افسر کے لیے ایک بڑا چیلنج سمجھا جا رہا ہے۔ سابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی تبدیلی بھی پولیس حلقوں میں اہم موضوع بنی ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق علی ناصر رضوی خود بھی اسلام آباد پولیس کی کمان سے الگ ہونا چاہتے تھے، جبکہ یہ قیاس آرائیاں بھی جاری ہیں کہ انہیں آئندہ این سی سی آئی اے میں اہم ذمہ داری سونپی جا سکتی ہے۔ تاہم اس حوالے سے حتمی سرکاری اعلان کا انتظار ہے۔ دوسری جانب نئے آئی جی سہیل چوہدری کا پولیس سروس میں تجربہ اور مختلف اہم عہدوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

ثابت قدمی اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کامیاب زندگی کی بنیاد ہے، زاہد علوی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف سماجی رہنما زاہد علوی نے کہا ہے کہ ثابت قدمی اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کامیاب زندگی کی بنیاد ہے زندگی میں ثابت قدم رہنا اپنی ذمہ داریوں کو خلوص اور دیانت داری سے قبول کرنا اور انہیں احسن انداز میں پورا کرنا ہی حقیقی زندگی کا مقصد ہونا چاہیے انسان کو اپنی ذات اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر معاشرے کی بہتری اور انسانیت کی خدمت کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے معاشرے کے پسے ہوئے اور ضرورت مند طبقات کی خدمت کرنا نہ صرف ایک انسانی فریضہ ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ بھی ہے جو لوگ دکھی انسانیت کے دکھ درد کو محسوس کرتے اور مشکلات میں گھرے افراد کا سہارا بنتے ہیں وہ معاشرے میں امید اور حوصلے کو فروغ دیتے ہیں زاہد علوی نے کہا کہ ہمیں اپنے اردگرد موجود مستحق بے سہارا اور کمزور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

بمبانوالہ پولیس مقابلہ اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بمبانوالہ پولیس مقابلہ اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، دو ملزمان فرار، تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ پل نہر جھنڈ وساہی کے قریب پولیس اور مبینہ مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق مورخہ 10 ستمبر 2026 کو رات ساڑھے گیارہ بجے پل جھنڈ وساہی، بمبانوالہ سرکل ڈسکہ کے قریب تھانہ بمبانوالہ پولیس کو کنٹرول کے ذریعے اطلاع موصول ہوئی کہ 3 نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل پر سوار ہو کر پل نہر جھنڈ وساہی کے قریب واردات کے بعد پل جھنڈ وساہی کی جانب فرار ہو رہے ہیں۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او، آئی پی، ڈی ایس پی ڈسکہ رضوان اکرم SI ہمراہ نفری موقع پر پہنچے۔ پولیس کے مطابق تینوں نامعلوم ملزمان نے کالر چوہدری خالد محمود سا کن گونند کے کے راستے کی اور پل نہر جھنڈ وساہی کی طرف فرار ہوئے، جن کا پولیس پارٹی نے تعاقب کیا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

اوکاڑہ تھانہ راوی پولیس کی اسلحہ کی نمائش کرنے والوں کیخلاف بڑی کارروائی

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تھانہ راوی پولیس کی اسلحہ کی نمائش کرنے والوں کیخلاف بڑی کارروائی تفصیلات کے مطابق تھانہ راوی پولیس کے ایس ایچ او طاہر بشیر وٹو کی زیر نگرانی ناجائز اسلحہ اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی ملزم علی حیدر اشتہاری کیٹگری بی اور اسلحہ کی نمائش کرنے والوں کے خلاف کاوائی کرتے ہو ؟ ملزم . محمد علی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

جڑانوالہ: خالد بک ڈپو کے مالک کے خلاف مبینہ جعلی ناقص میٹریل کتابیں فروخت کرنے کا مقدمہ درج

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: خالد بک ڈپو کے مالک کے خلاف مبینہ جعلی ناقص میٹریل کتابیں فروخت کرنے کا مقدمہ درج یادرہے کہ عرصہ دراز سے ڈپو سے مبینہ طور پر ایسی کتابیں فروخت کیے جانے کی شکایت سامنے آئی تھی جن کے بارے میں جعل سازی کا شبہ ظاہر کیا گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے خالد بک ڈپو کے مالک کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمے کی تفتیش کے دوران کتابوں کے معیار، اشاعت اور مبینہ جعل سازی سے متعلق تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، جبکہ ذمہ داری کا حتمی تعین تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہوگا۔ شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کتابوں کے نام پر غیر معیاری یا جعلی مواد کی فروخت کی روک تھام کے لیے متعلقہ ادارے بھی مؤثر کارروائی کریں تاکہ طلبہ اور والدین کو کسی قسم کے نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔



خالد بک ڈپو شہریوں کے ساتھ دھوکہ دہی کر کے ناقص میٹریل کی کتابیں فروخت کر کے ہزاروں روپے کی دہاڑیاں لگاتے رہے یہاں تک کہ سکول مالکان کو کمیشن بھی دینے کا انکشاف ہوا ہے تھانہ سٹی جڑانوالہ پولیس نے خالد بک ڈپو کے مالک کے خلاف مبینہ طور پر جعلی کتابیں فروخت کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی شکایت اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی، جبکہ معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ خالد بک

اپنے ہاتھوں سے پودے لگانے میں دل کو جو سکون اور اطمینان ملتا ہے اسے لفظوں میں میں بیان نہیں کیا جا سکتا، محمد اویس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ سیالکوٹ محمد اویس نے کہا ہے کہ درخت اور پودے زمین کا حسن ہیں ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلیوں اور آلودگی نے ہمیں درختوں اور پودوں کی اہمیت کا احساس تو دلا ہی دیا ہے اپنے ہاتھوں سے پودے لگانے میں دل کو جو سکون اور اطمینان ملتا ہے اسے لفظوں میں میں بیان نہیں کیا جا سکتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعظم سے ایوارڈ یافتہ گلین گرین پاکستان کے قومی چیمپین و سماجی راہنما محمد اشفاق نذر، سید قاسم عابد، بلال حسین ودیگر کے ہمراہ شجر کاری کرنے کے موقع پر کیا۔ محمد اشفاق نذر نے کہا کہ ہم اپنی مدد آپ کے تحت ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے شجر کاری کرتے رہے گے اور معاشرے میں درختوں اور پودوں کی اہمیت اور افادیت بارے شعور اجاگر کرتے رہیں گے تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ایک صحت مند اور توانا ماحول میں سانس لے سکیں۔

کوٹ رادھا کشن: لیسکو سب ڈویژن نمبر 2 کے انجینئر عاشق علی کو بہترین کارکردگی پر ایوارڈ

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کی جانب سے کوٹ رادھا کشن سب ڈویژن نمبر 2 کے اسسٹنٹ انجینئر عاشق علی کو بہترین کارکردگی، پیشہ ورانہ خدمات اور محکمانہ خدمات، محنت، دیانت داری، مثالی کارکردگی اور صارفین کے ساتھ بہتر رویے کو سراہا گیا۔ ایوارڈ اور تعریفی سرٹیفکیٹ پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو محکمہ کے لیے قابلِ قدر قرار دیا گیا۔ اس موقع پر انجینئر



عاشق علی نے اعزاز ملنے پر لیسکو انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ بھی صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی اور محکمانہ امور کی بہتری کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیتے رہیں گے۔

صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی پر Best Performance Award 2025-2026 (XEN Additional) سے نوازا گیا۔ تقریب میں لیسکو انتظامیہ کی جانب سے انجینئر عاشق علی کی

مریم نواز ہسپتال کھچی والا کی افتتاحی تقریب، عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کا عزم

کھچی والا (نامہ نگار) مریم نواز ہسپتال کھچی والا کی افتتاحی تقریب، عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق مریم نواز ہسپتال کھچی والا علاقے کے عوام کے لیے صحت کے شعبے میں ایک اہم سہولت ثابت ہوگا۔ حکومت کی بھرپور کوشش ہے کہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی طبی سہولیات میسر آئیں اور انہیں معمولی علاج معالجے کے لیے دور دراز شہروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10) جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے پی پی 242 فورٹ عباس چودھری کاشف نوید پسوتہ نے کہا کہ مریم نواز ہسپتال کھچی والا علاقے کے عوام کے لیے صحت کی بہترین سہولت ثابت ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق مریم نواز ہسپتال کھچی والا کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ایم پی اے پی پی 242 فورٹ عباس چودھری کاشف نوید پسوتہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر ملک عمر نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اور ہسپتال میں فراہم کی

نواحی گاؤں 33 ون اے ایل میں پٹاخے بنانے والے گھر کی چھت گر گئی مبینہ طور پر پٹاخے بنانے کے دوران دھماکہ ہونے کی وجہ سے 2 عورتیں جاں بحق

رینالہ خورد (سرفراز انجم +عمر ذوالفقار کرائم رپورٹرز) نواحی گاؤں 33 ون اے ایل میں پٹاخے بنانے والے گھر کی چھت گر گئی مبینہ طور پر پٹاخے بنانے کے دوران دھماکہ ہونے کی وجہ سے 2 عورتیں جاں بحق جبکہ 6 افراد ملبے تلے دبنے سے شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں میں حادثے کے بعد ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے پہنچ کر کارروائی کا آغاز کیا تو لوگوں نے بتایا کہ ملبے تلے کئی افراد دبے ہوئے ہیں جبکہ پٹاخوں کے دھماکوں کی آوازیں بھی ارہی ہیں حادثے کے 2 زخمیوں کو موقع پر لوگوں نے ہی طبی امداد فراہم کی جبکہ 2 زخمیوں کو ریسکیو نے طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا دیگر زخمیوں کو موقعہ پر ہی علاج کر کے گھر بھیج دیا گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس بھی جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ذرائع کے مطابق چھت گرنے کے بعد بھی وہاں سے دھماکوں کی آوازیں سنائیں دیتی رہیں جس پر موقعہ پر موجود (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

نئے صوبوں کا قیام، عوامی سہولیات کی جانب اہم قدم ہے شہباز جاوید صدر نیشنل پریس کلب

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) نئے صوبوں کا قیام، عوامی سہولیات کی جانب اہم قدم ہے شہباز جاوید صدر نیشنل پریس کلب تفصیلات کے مطابق صدر نیشنل۔ پریس کلب رینالہ خورد شہباز جاوید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا پاکستان ایک وسیع رقبے اور بڑی آبادی پر مشتمل ملک ہے۔ موجودہ انتظامی ڈھانچے میں دور دراز علاقوں کے شہریوں کو صحت، تعلیم، انصاف اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے اکثر طویل سفر کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں ملک میں نئے صوبوں کا قیام ایک اہم انتظامی ضرورت کے طور پر سامنے آتا ہے۔ نسبتاً چھوٹے صوبے بننے سے انتظامی امور عوام کے قریب لائے جا سکتے ہیں۔ شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کے لیے صوبائی دارالحکومتوں تک سینکڑوں میل سفر نہیں کرنا پڑے گا، جبکہ سرکاری اداروں اور بنیادی سہولیات تک رسائی بھی آسان ہو سکتی ہے۔ صحت کے شعبے میں نئے ہسپتال، مراکز صحت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول نگر کی ہدایات پر تھانہ تخت محل پولیس کی سماج دشمن عناصر کیخلاف سخت آپریشن


منڈی مدرسہ (راشد حسین ساقی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول نگر کی ہدایات پر تھانہ تخت محل پولیس کی سماج دشمن عناصر کیخلاف سخت آپریشن۔ مختلف ملزمان سے آلات کشیدہ و 30 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح بسلسلہ گشت و پٹرتال جرائم ملزم شہزاد سکنہ نظام پورہ سے 27 لیٹر شراب دیسی برآمد کی۔ ایک اور کاروائی کے دوران ملزم گلاب علی جٹ سکنہ مرلی گڑھ سے 30 لیٹر شراب جبکہ ملزم بابر علی بلوچ سکنہ قاسمکا سے 80 گرام آئس برآمد کر لی۔ ڈکیتی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20) دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ملزم محمد حسین سیال نائی سکنہ چھولیاں والی سے چالو بھٹی معہ آلات کشیدہ و 30 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح بسلسلہ گشت و پٹرتال جرائم ملزم شہزاد سکنہ نظام پورہ سے 27 لیٹر شراب دیسی برآمد کی۔ ایک اور کاروائی کے دوران ملزم گلاب علی جٹ سکنہ مرلی گڑھ سے 30 لیٹر شراب جبکہ ملزم بابر علی بلوچ سکنہ قاسمکا سے 80 گرام آئس برآمد کر لی۔ ڈکیتی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

سرسبز وشاداب ماحول کے فروغ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، حاجی فیصل سہیل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے حاجی فیصل سہیل نے کہا ہے کہ کنونیئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی دانشمندانہ حکمت عملی سے خوشحالی کے راستے ہموار ہو رہے ہیں آلودگی کے خاتمے صفائی کے نظام میں بہتری سرسبز وشاداب ماحول کے فروغ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں سیوریج کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی گئی ہے اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے نکاسی؟ آب کے نظام میں بھی بہتری نظر آ رہی ہے حاجی فیصل سہیل نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور دیگر بنیادی ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے خصوصاً جی بلاک میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھائے جا رہے ہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

DCC رکن کی ذمہ داری ملنے پر اظہارِ تشکر عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر متعلقہ فورم پر مؤثر آواز بلند کریں گے، میاں عبدالمجید جتالہ

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا اعتماد، DCC رکن کی ذمہ داری ملنے پر اظہارِ تشکر عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر کی جانب سے ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی (DCC) کا رکن مقرر کیے جانے پر نومنتخب رکن نے وزیر اعلیٰ پنجاب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے اپنے



GOVERNMENT OF THE PUNJAB
SERVICES & GENERAL ADMINISTRATION DEPARTMENT
(Implementation & Coordination Wing)
Dated Lahore the 11th September, 2026
NOTIFICATION
. SO(I&C-I)1-7/2024 (BNG). In supersession of this department's earlier ification of even number dated 14.05.2025, the Chief Minister, Punjab has been ased to re-constitute the following District Coordination Committee (DCC) for hawalnagar District, in order to create synergy among various Government artments at the District level, with immediate effect:

r. #	Name of The Parliamentarians / Members	Constituency	Composition
	Mr. Abdul Ghaffar Watto	MNA, NA-160	Member
	Mian Alam Dad Lalika	MNA, NA-161	Member
	Mr. Ehsan Ul Haq Bajwa	MNA, NA-162	Member
	Mr. Ijaz ul Haq	MNA, NA-163	Member
	Mian Fida Hussain Wattoo	MPA, PP-237	Member
	Mr. Inam Bari	MPA, PP-238	Member
	Mr. Muhammad Sohail Khan	MPA, PP-240	Member
	Ch. Ghulam Murtaza	MPA, PP-241	Member

تعلقہ فورم پر مؤثر آواز بلند کریں گے، چشتیاں میں مسلم لیگ ن کے رہنماء ۔ پنجاب اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر میاں عبدالمجید جتالہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کی تکمیل اور عوامی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے اعزاز اور اہم ذمہ داری قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے اعتماد کا اظہار ان کے لیے باعثِ فخر ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

ایس ایچ او تھانہ بدوملہی نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں 02 ناجائز اسلحہ ہولڈر رحمان، عامر کو گرفتار کر لیا

نارووال (بیورو چیف یاسر ملہی سے) ڈی ایس پی صدر نارووال کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ بدوملہی نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں 02 ناجائز اسلحہ ہولڈر رحمان، عامر کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 02 پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ ڈی پی او نارووال نے اس موقعہ پر اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ضلع نارووال سے سماج دشمن عناصر کا خاتمہ کرنا میرا مشن ہے اور اس مشن کی تکمیل میں نارووال پولیس کے تمام آفیسران وملازمان ہمہ تن کوشاں ہیں۔



ڈاؤن میں 02 ناجائز اسلحہ ہولڈر رحمان، عامر کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 02 پسٹل 30

ریجنل پولیس آفیسر سہیل اختر سکھیرا نے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کے ہمراہ ڈی پی او آفس کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ریجنل پولیس آفیسر سہیل اختر سکھیرا نے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کے ہمراہ ڈی پی او آفس کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ افسران نے تاجران کے زیر اہتمام ڈرائی پورٹ ڈرائیفر ایکسٹینگوئشر تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت کی۔ ممبران صوبائی اسمبلی ایم پی اے مولانا الیاس چنیوٹی، ایم پ

کھانا سلیقے سے پیش کرنا بھی ہنر ہے

خواتین کی سلیقہ شعاری ان کی شخصیت کا ایک بہترین اور خوبصورت وصف ہے جو زندگی کے ہر شعبے کو نکھار دیتا ہے۔ اس اہم موضوع پر کچھ اہم اور جامع سطور درج ذیل ہیں:

گھریلو توازن: سلیقہ شعار خاتون اپنے گھر کو سکون اور نفاست کا گہوارہ بنا دیتی ہے۔

بہترین بجٹنگ: وہ محدود وسائل میں بھی بجٹ کو مہارت سے سنبھال کر معاشی توازن برقرار رکھتی ہے۔

تربیتِ اولاد: بچوں کی اخلاقی اور عملی تربیت سلیقے سے کر کے معاشرے کو بہترین شہری دیتی ہے۔

وقت کی پابندی: اپنے روزمرہ کے تمام کاموں کو ایک منظم ٹائم ٹیبل کے تحت پورا کرتی ہے۔

حُسنِ اخلاق: گفتگو میں نرمی اور برتاؤ میں تہذیب کو اپنا کر سب کا دل جیت لیتی ہے۔

مسائل کا حل: کسی بھی ناگہانی یا مشکل صورتحال میں گھبرانے کے بجائے عقل مندی سے راستہ نکالتی ہے۔

مہمان نوازی: کم وقت اور کم خرچ میں بھی مہمانوں کی شاندار اور باوقار خدمت کرتی ہے۔

عام طور پر اکثر گھرانوں میں دعوتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ خواتین بڑی محنت سے انواع و اقسام کے کھانے تیار کرتی ہیں مگر اسے خوبصورتی کے ساتھ پیش کرنے سے نابلد ہوتی ہیں اور مہمانوں کی آمد پر افراتفری کے عالم میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔ یہ درست طریقہ نہیں کیونکہ افراتفری کے اس عالم میں مہمان بھی شرمندہ ہو کر یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ اس نے جلدی آ کر غلطی کر دی اور سب کو پریشان کر دیا۔ سلیقے مند خاتون خانہ کی پہچان یہی ہے کہ وہ ہر کام وقت پر انجام دے تاکہ میزبانی کے فرائض بھی بھرپور انداز سے ادا کر سکے اور کھانے کے دوران مہمانوں کو کسی قسم کی دقت کا سامنا بھی نہ ہونے دے۔ اس ضمن میں مہارت اور سلیقہ چاہتی ہیں تو پھر کھانا بنانے کے ساتھ ساتھ اسے مہمانوں کے سامنے سجانا بھی سیکھیے۔



مہمانوں کی آمد سے پہلے تمام ڈشز تیار کر لیں۔ استعمال ہونے والے برتن مثلاً ٹرے، پلیٹیں، گلاس اور چمچ وغیرہ نکال کر رکھ لیں۔ عام طور پر آج کل کھانا ڈائننگ ٹیبل پر کھایا جاتا ہے لیکن اکثر گھرانوں میں آج بھی دسترخوان کا رواج ہے۔ ان دونوں میں سے کسی پر بھی کھانا پیش کریں۔ میز پوش یا دسترخوان اچھا منتخب کریں۔ پیچیدہ ڈیزائن سے بہتر ہے کہ نفیس رنگ اور ڈیزائن والے میز پوش کا انتخاب کریں۔ یاد رکھیں کھانے کی میز پر محض چند گلاس پلیٹیں اور چمچ رکھ دینا سجاوٹ نہیں کہلاتا۔ کھانے سجانے سے قبل ہر ڈش کی جگہ طے کر لیں۔ اس طرح کھانا سجاتے وقت دشواری نہیں ہوگی۔

کھانا پیش کرتے وقت کھانا ایک جگہ نہ نکالیں بلکہ دو جگہ یا مہمانوں کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے زائد برتن میں نکالیں۔ اس طرح ہر مہمان کھانے سے بھرپور انداز سے لطف اندوز ہو سکے گا اور کھانا لینے کیلئے اسے اپنی باری کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔

کھانے کے دوران پانی کی طلب بھی ہوتی ہے، اس کیلئے پلاسٹک کی بوتلوں یا شیشے کے نازک جگ میں پانی بھر کر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھیں تاکہ مہمان کسی کو ڈسٹرب کئے بغیر خود ہی پانی حاصل کر لیں۔

اکثر خواتین جلد بازی میں کھانے کے برتنوں کے ساتھ سویٹ ڈشز کیلئے باؤلز اور چمچ بھی رکھ دیتی ہیں، اس طرح میز بھری بھری محسوس ہوتی ہے اور کچھ رکھنے یا اٹھانے میں دقت ہوتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ جب مہمان کھانے سے فارغ ہو جائیں، اس کے بعد گندے برتن سمیٹ کر میٹھے کے برتن رکھے جائیں۔ کھانا کھلانے کے بعد میز یا دسترخوان کو سلیقے سے سمیٹنا بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ یہ طریقہ کار سلیقہ مندی کی نشاندہی کرتا ہے۔ چنانچہ ایک بڑی ٹرے میں استعمال شدہ برتنوں کو سمیٹ کر رکھیں۔ اس طرح کچن بھی نہیں پھیلے گا اور برتن بھی آسانی سے دھل جائیں گے۔ اس تھوڑی سی توجہ اور احتیاط کے ساتھ آپ بھی مہمانوں سے داد وصول کرنے کے قابل ہو جائیں گی۔ بصورت دیگر مہمانوں کی آمد پر ہمیشہ جلد بازی کا شکار رہیں گی۔

☆☆☆

بارش میں فوڈ پوائزننگ کا خطرہ...

موسم باراں میں آب و ہوا میں نمی بڑھ جاتی ہے۔ یہ بیکٹیریا، وائرس اور فنگس کو پنپنے کا موقع دیتی ہے۔ اس وجہ سے کھانا جلد خراب ہو جاتا ہے اور جس کے استعمال سے فوڈ پوائزننگ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ بارش کے موسم میں پانی بھی جلد آلودہ ہو جاتا ہے۔ سبزیاں، پھل، اسٹریٹ فوڈ اور کھلے میں رکھا ہوا کھانا پانی یا مکھیوں کے ذریعے جلد آلودہ ہو جاتا ہے۔ اس سے انفیکشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔



فوڈ پوائزننگ

فوڈ پوائزننگ کی ابتدائی اور دست جیسی علامات سے ظاہر ہوتی ہیں۔ فوری طور پر دھیان نہ دینے کی وجہ سے یہ علامات سنگین شکل اختیار کر سکتی ہے۔ جیسے کہ بار بار الٹی اور دست ہو سکتے ہیں، باڈی ڈی ہائیڈریٹ ہو سکتی ہے، پیٹ میں درد اور اینٹھن محسوس ہو سکتی ہے، بخار آ سکتا ہے، کمزوری اور تھکان محسوس ہو سکتی ہے۔ عام طور کھانے کے کچھ ہی گھنٹوں میں فوڈ پوائزننگ کی علامات ظاہر ہونے شروع ہو جاتی ہیں۔ کچھ معاملات میں ایک سے 2 دن بھی لگ سکتے ہیں۔ حالانکہ یہ متاثر ہونے والے بیکٹیریا یا وائرس پر منحصر کرتا ہے۔ ماہرین کے مطابق کچھ معاملات میں 2 سے 6 گھنٹے میں قے اور دست شروع ہو سکتے ہیں۔ کئی بار 12 سے 24 گھنٹے کے بعد علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ کچھ انفیکشن کی علامات 2 سے 3 دن بعد دکھائی دے سکتی ہیں۔ جن افراد کی قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے، انہیں فوڈ پوائزننگ جلدی ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ ذیابیطس اور گردے کے مریض بھی جلد متاثر ہوتے ہیں۔ 5 سال سے کم عمر کے بچے، حاملہ اور بزرگ بھی جلد متاثر ہوتے ہیں۔

فوڈ پوائزننگ سے بچنے کیلئے کیا کریں؟

سب سے اہم بات، گھر اور آس پاس صاف صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ کھانا پکانے سے قبل دونوں ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔ بازار سے لائی ہوئی سبزیوں کو اچھی طرح دھونے کے بعد ہی پکائیں۔ کھانے سے قبل بھی ہاتھوں کو دھوئیں۔ پھل کو اچھی طرح دھو کر کھائیں۔ تازہ اور گرم کھانا کھائیں۔ بچا ہوا کھانا فوراً فریج میں رکھیں۔ اُبلا ہوا یا فلٹر والا پانی پئیں۔ کچا اور پکا کھانا، الگ رکھیں۔ دیر تک رکھا ہوا کھانا گرم کر کے کھائیں۔ دیر تک رکھے ہوئے پھل نہ کھائیں۔ فاسٹ فوڈ اور جنک فوڈ سے پرہیز کریں۔

تازہ، گرم اور اچھی طرح پکا ہوا کھانا کھائیں۔ گھر کا بنا کھانا کھائیں۔ دال، کھچڑی، سوپ جیسی ہلکی غذا کھائیں۔ اپنی خوراک میں اُبلی یا اسٹیم (بھاپ پر پکی ہوئی) کی ہوئی سبزیاں شامل کریں۔ دہی، چھاچھ جیسے پروبائیوٹک کو اپنی ڈائٹ کا لازمی حصہ بنائیں۔ موسمی پھل کھائیں۔ فریج میں ہمیشہ کھانا ایئر ٹائٹ کنٹینر میں رکھ کر محفوظ کریں۔ فریج کا درجہ حرارت تقریباً منفی 4/1 ڈگری سیلیس پر رکھیں۔ کھانے کو بار بار گرم کر کے فریج میں نہ رکھیں۔ خمیر شدہ اشیاء فوراً استعمال کر لیں۔

فوڈ پوائزننگ ہو جائے تو کیا کریں؟

اس صورت میں جسم کو ہائیڈریٹ رکھنا اور نظامِ ہضم کو آرام دینا ضروری ہوتا ہے۔ معمولی نوعیت کی علامات ظاہر ہونے پر گھر پر دیکھ بھال سے طبیعت میں بہتری آ سکتی ہے۔ اس دوران ان باتوں کا خاص خیال رکھیں۔ وقفہ وقفہ سے پانی پیتے رہیں۔ او آر ایس یا ناریل پانی پئیں تاکہ جسم ہائیڈریٹ رہیں۔ جسم کو مناسب آرام دیں۔ لیکن مرض بڑھنے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ اس دوران اپنے سے کوئی دوا کھانے سے پرہیز کرنا چاہئے۔

دسترخوان کی شان

چٹ پٹے پکوان

چکن بریانی

اجزا:

چکن	آٹھ سو گرام
باسمتی چاول	ڈھائی کپ
پیاز (کاٹ لیں)	پچاس گرام
پانی	پانچ کپ
ادرک لہسن پیسٹ	پانچ چائے کے چمچ
جائفل	1\3 چائے کا چمچ
سرخ مرچ پاؤڈر	دو چائے کے چمچ
بڑی الائچی	1\3 چائے کا چمچ
نمک	دو چائے کے چمچ
چھوٹی الائچی	1\3 چائے کا چمچ
زعفران	چند ریشے
لونگ	1\3 چائے کا چمچ
کیوڑہ	چند قطرے
تیز پات	پانچ عدد
پیاز براؤن تل لیں	پچاس گرام
تیل	ایک کپ۔

ترکیب:

چاولوں کو صاف کر کے دھو لیں اور تیس منٹ کے لئے پانی میں بھگو دیں پانی بہا دیں اور ایک طرف رکھ دیں۔ ایک پتیلی میں 1\3-3 کپ پانی گرم کریں حتیٰ کہ اس میں ابال آنے لگے۔ اس میں چاول، جائفل، چھوٹی اور بڑی الائچی، لونگ اور تیز پات ملا دیں۔ ڈھانپ کر پکائیں حتیٰ کہ چاول تین چوتھائی پک جائیں چولہے پر سے اتار کر ایک طرف رکھ دیں۔ ایک پتیلی میں تیل گرم کریں۔ پیاز ڈال کر رنگت ہلکی براؤن ہونے تک بھون لیں۔ ادرک لہسن پیسٹ ملا کر ایک منٹ اور بھونیں چکن کی بوٹیاں ڈال دیں اور دس منٹ تک فرائی کریں۔ پھر چلاتے ہوئے نمک، سرخ مرچ پاؤڈر اور پانی 1\2-1 کپ ملا دیں اور ڈھانپ کر ہلکی آنچ پر پچیس منٹ پکائیں۔ ڈھکنا ہٹا دیں۔ براؤن پیاز پیسٹ شامل کر دیں۔ اور مزید پکائیں حتیٰ کہ چکن کی بوٹیاں گل جائیں اور کری گاڑھی ہو جائے۔ چولہے پر سے اتار کر ایک طرف رکھ دیں۔ ایک بیکنگ ڈش یا کیسرول میں چاول اور چکن کی بوٹیوں کی باری باری تہ لگاتی جائیں۔ اوپر زعفران اور کیوڑہ چھڑک دیں ایک گیلے کپڑے سے ڈھانپ کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں پندرہ سے بیس منٹ کے لئے چولہے پر سے اتار لیں اور سرونگ ڈش میں منتقل کر دیں۔ گولڈن فرائی کی ہوئی پیاز اور رائتے کے ساتھ گرم گرم سرو کریں۔

چکن ویجیٹیبل رول

اجزا:

چکن (ابلی ہوئی)	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ
پسا ہوا لہسن	ایک چائے کا چمچ
بند گوبھی (باریک کٹی ہوئی)	آدھی پیالی
گاجر (کش کئے ہوئے)	آدھی پیالی
انڈے (ابلے ہوئے)	دو عدد
کالی مرچ کٹی ہوئی	ایک چائے کا چمچ
رول کی پٹیاں	حسب ضرورت
گھی	دو کھانے کے چمچ۔

ترکیب:

ابلی ہوئی چکن کو باریک ریشہ کر لیں، فرائینگ پین میں ایک چائے کا چمچ، ڈالڈا ڈال کر اس میں لہسن کو ایک سے دو منٹ فرائی کریں۔ اس میں گاجر ڈال کر آنچ تیز کر دیں اور اس کا اپنا پانی خشک کر لیں، پھر اس میں چکن، بند گوبھی، نمک اور کالی مرچ ڈال کر تین سے چار منٹ فرائی کر کے چولہے سے اتار لیں۔ اس کیچر کو ٹھنڈا کر کے اس میں انڈے چورا کر کے ملا لیں، رول کی پٹیوں میں یہ کیچر بھر کر میدے کی لئی کی مدد سے بند کر دیں اوون کو 180°C پر پندرہ منٹ پہلے گرم کر لیں بیکنگ ٹرے کو چکنا کر کے اس میں یہ رول رکھ دیں اور اوپر سے برش کی مدد سے ڈالڈا لگا لیں۔ اوون میں رکھ کر دس منٹ کے لئے بیک کریں، ہلکے سنہری ہونے پر نکال کر پلیٹ دیں اور دوبارہ سے ڈالڈا سے برش کر لیں اور پانچ سے سات منٹ کے لئے بیک کر لیں۔

پریزینٹیشن: املی کی چٹنی اور ہری چٹنی کے ساتھ ان مزیدار رول سموسوں سے اپنے افطار کا لطف دوبالا کریں۔

آلو کے سیخ کباب

ابلے اور میش کئے ہوئے آلو	1\2 کلو
پانی میں بھیگے ڈبل روٹی کے سلائس	2 عدد
پودینہ	1\2 گڈی
سیخ کباب مصالحہ	1 کھانے کا چمچ
چاولوں کا آٹا	دو کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ
انڈا	ایک عدد
سبز مرچیں	2 عدد
لال مرچ پاؤڈر	1 کھانے کا چمچ
کالی مرچ پسی ہوئی	نصف کھانے کا چمچ
تیل	حسب ضرورت۔

ترکیب:

ابلے اور میش آلوؤں میں چاولوں کا آٹا، پودینہ، لال مرچ پاؤڈر، نمک، ڈبل روٹی (پانی سے نکال کر ہاتھوں سے دبا کر سارا پانی نکال لیں) کالی مرچیں، سبز مرچیں، سیخ کباب مصالحہ اور ایک انڈہ ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں۔ اب اس آمیزے سے سیخ کباب بنا کر باربی کیو کر لیں یا گرل کر لیں، پراٹھے اور چٹنی کے ساتھ کھانے کے لئے پیش کریں۔

ڈبل روٹی اور قیمہ کے کباب

اجزاء:

قیمہ	ایک کلو باریک
ڈبل روٹی کے سلائس	چار عدد
سویا ساس	چار کھانے کے چمچ
سرکہ	ایک کھانے کا چمچ
کالی مرچ پسی ہوئی	ایک چائے کا چمچ
ہرا دھنیا، باریک کٹا ہوا	حسب ضرورت
ہری مرچ، چار عدد	باریک کٹی ہوئی
کارن فلور	ایک کھانے کا چمچ
انڈا	ایک عدد
نمک	حسب ضرورت
تلنے کے لئے	تیل

ترکیب:

سب سے پہلے قیمہ میں سلائس کو سرکہ اور سویا ساس میں چورا کر کے ملا دیں۔ اور قیمہ کو آٹے کی طرح گوندھیں اس کے بعد باقی مصالحہ ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں پھر کباب بنا کر فرائی کر لیں۔ مزیدار قیمہ کباب تیار ہیں۔

پلاؤ بریانی

اجزا:


چاول	ایک کلو
ٹماٹر گول گول کاٹ لیں	ڈیڑھ پاؤ
پیاز	دو گنھی
ایک کا چھلکا اتار لیں اور ایک کو باریک لچھے دار کاٹ کر تل کر نکال لیں	
لہسن	چھ سے سات جوئے
ادرک	باریک کٹی ہوئی مٹھی بھر
ادرک	ایک انچ کا ٹکڑا
کالی مرچ	بارہ عدد
لونگ	بارہ عدد
کالا زیرہ	آدھا چائے کا چمچہ
دار چینی	دو بڑے ٹکڑے
تیز پات	ایک بڑا پتا توڑ لیں
ثابت دھنیا	ایک چمچہ
سونف	ایک چمچہ
دہی	ایک پاؤ
زردے کا رنگ	ایک چائے کا چمچہ
لیموں سلائسز کاٹ لیں	دو عدد
ثابت ہری مرچیں	دس سے بارہ عدد
پودینا	چند پتے
آلو بخارے	چھ عدد
نمک	حسب ذائقہ
سرخ مرچ پسی ہوئی	دو چمچے
تیل	تین چوتھائی کپ
چینی	ایک چمچہ

ترکیب: ایک ململ کے کپڑے میں چھلکا اتاری ہوئی پیاز کی گٹھی لہسن کی پوتھی ڈنڈی سمیت، ادرک کا ٹکڑا۔ تمام گرم مسالا، ثابت دھنیا سونف، تیز پات باندھ لیں اور گوشت میں پوٹلی اور نمک کے ساتھ چھ گلاس پانی ڈال کر گوشت گلا لیں۔ پوٹلی کو نکال لیں گوشت کو پانی سے الگ کر لیں۔ یخنی والا پانی چار گلاس ہونا چاہیے اس پانی میں پہلے سے بھگوئے ہوئے چاول ڈال دیں پانی خشک ہونے لگے تو چولہے سے ہٹا کر ایک طرف کر دیں چاولوں میں نہ تو بہت پانی ہو اور نہ ہی وہ برتن سے چپکے ہوئے ہوں چاولوں کا نمک ان کے حساب سے بالکل مناسب ہونا چاہیے مسالے کا نمک الگ چیک کریں کہ برابر ہے یا نہیں...


اب ایک کھلے منہ کے برتن میں تیل گرم کریں اور گوشت کے ساتھ پوٹلی میں موجود لہسن کے چھلکے نکال لیں اور مسالے کو مسل کر اس میں ڈال دیں گوشت کی رنگت سرخ ہو جائے تو اس میں سرخ مرچ ڈالیں اور ساتھ ہی آدھے ٹماٹر اور آلو بخارے ڈال کر بھون لیں اب دہی میں چینی کے ساتھ زردے کا رنگ ڈالیں۔

مسالا تیل چھوڑ دے تو چولہے کی آنچ بالکل دھیمی کر دیں اس میں دہی ڈالیں۔ دہی اپنا پانی چھوڑنے لگے تو اس کے اوپر تہہ در تہہ باقی بچے ہوئے ٹماٹر لیموں، ہری مرچیں پودینا ڈال دیں اور اس کے اوپر چاول بچھا دیں۔ برتن ڈھانک کر پہلے سے گرم کیے ہوئے توے پر رکھیں اور اس کے اوپر سل وغیرہ رکھ دیں پہلے تین چار منٹ تیز آنچ پر اور پھر بالکل دھیمی آنچ پر پندرہ منٹ مزید دم دیں۔ مزیدار پلاؤ بریانی تیار ہے، ہری چٹنی اور سلاد کے ساتھ بہت مزے سے کھائیں۔

☆☆☆







Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ



حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔..... (جامع ترمذی)

بلوچستان کو کوئٹہ میں بیٹھ کر کنٹرول نہیں کیا جاسکتا

بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو انتظامی طور پر کوئٹہ میں بیٹھ کر ایک اکائی کے طور پر کنٹرول نہیں کیا جاسکتا، ملک میں صوبے لسانی نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر بننے چاہئیں اور نئے صوبوں کے قیام پر قومی اسمبلی میں اتفاق رائے ہوا تو بلوچستان اسمبلی بھی تیار ہے۔کوئٹہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نئے صوبے بنانے کے لیے تیار ہیں، تاہم پہلے قومی اسمبلی میں صوبوں کے قیام پر اتفاق رائے ہونا چاہیے، قومی اسمبلی میں اتفاق رائے ہوجائے تو بلوچستان اسمبلی بھی اس معاملے پر تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیاسی جماعتوں کو صوبوں کے قیام پر اعتراض نہیں، تاہم صوبوں کی تشکیل انتظامی بنیادوں پر ہونی چاہیے۔پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان حکومت کی اڑھائی، اڑھائی سالہ مدت سے متعلق سوال پر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایسا کوئی معاہدہ ان کے علم میں نہیں ہے، شہباز شریف اور آصف علی زرداری کے درمیان معاملات موجود ہیں، اڑھائی سال کا وقت گزر چکا ہے، اب اس حوالے سے فیصلہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کو کرنا ہے۔ بلوچستان کی سیکیورٹی صورت حال پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے موجودہ حالات میں سول ملٹری توازن انتہائی ضروری ہے، سب کو مل کر امن کی جنگ جیتنی ہے اور کسی قسم کا عدم توازن برداشت نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ صدر اور وزیراعظم فیصلے کرتے ہیں اور صوبائی حکومت اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے، حکومت نے حلف لیا ہے کہ کوئی سیکریٹری بھرتیوں میں کرپشن نہیں کرے گا، فاریسٹ ڈپارٹمنٹ میں بھرتیوں کے معاملے پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور کسی قسم کی کرپشن برداشت نہیں کی جائے گی۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ جو لوگ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھائیں گے، ان کے خلاف ہر صورت کارروائی کی جائے گی، حکومت اپنا کام کر رہی ہے اور اسے بہترین انداز میں جاری رکھے گی۔بلوچستان میں مسنگ پرسنز کے معاملے پر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ ایک اہم مسئلہ تھا اور اب بھی ہے، تاہم ریاست نے قانون کا راستہ فراہم کیا ہے، حکومت جس شخص کو گرفتار کرتی ہے، اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جاتی ہے، اسے عدالت میں پیش کیا جاتا ہے، طبی معائنہ کرایا جاتا ہے اور اہل خانہ سے ملاقات بھی کرائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوئی لاقانونیت نہیں اور حکومت قانون کے دائرے میں رہ کر کام کر رہی ہے۔سرفراز بگٹی نے کہا کہ جس طرح پاکستان بھر میں انتخابات ہوئے، اسی طرح بلوچستان میں بھی ہوئے اور یہاں بھی سیاسی مینجمنٹ اسی انداز میں ہوئی، بلوچستان کے قوم پرست عناصر میں بعض علیحدگی کی مہم چلاتے ہیں اور عام لوگوں کو اپنی مہم چلانے کی اجازت نہیں دیتے۔

سڑکیں خاموش ہوسکتی ہیں



صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

پاکستان کی سیاست ایک بار پھر ایسے دوراہے پر کھڑی ہے جہاں ایک راستہ سیاسی تصادم کی طرف جاتا ہے اور دوسرا مذاکرات کی میز تک پہنچتا ہے۔27 ستمبر کو اسلام آباد کی طرف سیاسی مارچ اور اس سے قبل ملک کے مختلف حصوں میں ہونے والی سرگرمیوں نے سیاسی درجہ حرارت بڑھا دیا ہے۔ایک طرف اپوزیشن اپنے سیاسی حقوق، عمران خان کی رہائی اور دیگر مطالبات کے لیے عوام کو متحرک کرنے کی بات کر رہی ہے، دوسری طرف حکومت کے لیے یہ سوال اہم ہے کہ وہ اس سیاسی دباؤ کا جواب طاقت سے دیتی ہے یا سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کا راستہ اختیار کرتی ہے۔

یہاں ایک بنیادی حقیقت کو سمجھنے کی ضرورت ہے: جمہوریت میں حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کی دشمن نہیں ہوتیں۔ حکومت آج اقتدار میں ہے تو کل اپوزیشن میں ہوسکتی ہے اور جو جماعت آج اپوزیشن میں ہے وہ کل اقتدار میں آسکتی ہے۔کل پاکستان تحریکِ انصاف اقتدار میں تھی اور مسلم لیگ ن اپوزیشن میں، آج دونوں کی جگہ تبدیل ہوچکی ہے، آنے والے کل میں پھر معاملہ الٹ ہوسکتا ہے۔اگر ہر جماعت اپنے سیاسی مخالف کو ریاست کا دشمن سمجھنے لگے تو جمہوریت محض انتخابی عمل کا نام رہ جائے گی، جمہوری برداشت، رواداری اور سیاسی مکالمہ ختم ہوجائے گا۔

27 ستمبر کو سیاسی احتجاج یا لانگ مارچ کرنا کسی سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہوسکتا ہے، لیکن اس حق کے ساتھ ذمہ داری بھی وابستہ ہے۔ احتجاج پرامن ہونا چاہیے، شہریوں کی روزمرہ زندگی مفلوج نہیں ہونی چاہیے، سرکاری و نجی املاک محفوظ رہنی چاہئیں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تصادم سے حتی الامکان گریز کیا جانا چاہیے۔ سیاسی کارکن کسی بھی جماعت کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں؛ انہیں سیاسی جدوجہد کے لیے تیار کرنا قیادت کا حق ہے، مگر انہیں تصادم کے میدان میں دھکیل دینا کسی طور دانش مندی نہیں۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے یہ کہنا کہ پہلی گولی وہ اپنے سینے پر کھائیں گے، پرتشدد احتجاج کی طرف واضح اشارہ ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس حد تک جانے کو تیار ہیں کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو گولی چلانے پر مجبور کر دیں گے۔ یہ خطرناک صورتِ حال ہے۔ کارکنوں کی جانیں بہت قیمتی ہیں، انہیں پرامن احتجاج کے لیے ضرور نکالیے، جنگ سے گریز کیجیے

اسی طرح حکومت کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ ہر احتجاج کو محض امن و امان کا مسئلہ سمجھ کر طاقت کے ذریعے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ احتجاج کے پیچھے اگر عوامی یا سیاسی شکایات موجود ہیں تو ان کا سیاسی حل تلاش کرنا ہی پائیدار راستہ ہے۔

گرفتاریوں، مقدمات اور پابندیوں سے وقتی طور پر سڑکیں تو خاموش ہوسکتی ہیں، مگر سیاسی اختلاف ختم نہیں ہوتا۔ اختلاف کو دبانے کے بجائے اسے سننا اور اس کا جواب دینا ہی جمہوری حکومت کی اصل طاقت ہے۔

موجودہ سیاسی تنازع میں عمران خان کی گرفتاری اور ان سے متعلق عدالتی و سیاسی معاملات ایک مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان معاملات پر حکومت اور تحریک انصاف کے موقف میں شدید خلیج ہے۔ ایک فریق اسے قانون اور عدالتی عمل کا معاملہ قرار دیتا ہے جبکہ دوسرا اسے سیاسی انتقام اور جمہوری مینڈیٹ کے خلاف کارروائی سمجھتا ہے۔اس اختلاف کا فیصلہ سڑکوں پر نہیں بلکہ آئین، عدالتوں اور سیاسی مکالمے کے ذریعے ہونا چاہیے۔ اگر کسی فریق کو عدالتی فیصلے سے اختلاف ہے تو قانونی راستے موجود ہیں؛ اگر کسی کو سیاسی عمل پر اعتراض ہے تو پارلیمان اور عوامی سیاست کا راستہ موجود ہے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی جانب سے 27 ستمبر کو فیصلہ کن سیاسی جدوجہد قرار دینا اس کے لیے مذاکرات سے بہتر راستہ کیا ہوسکتا ہے؟ اگر حکومت بات چیت کی پیشکش کرے تو اسے قبول کرنا سیاسی کمزوری نہیں بلکہ سیاسی بلوغت ہوگی۔ دنیا کی جمہوریتوں میں سخت ترین سیاسی مخالفین بھی قومی مفاد کے معاملات پر ایک میز پر بیٹھتے ہیں۔ ہمارے ہاں پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان میثاقِ جمہوریت اس کی بہترین مثال ہے۔


پاکستان کو اس وقت سیاسی استحکام کی شدید ضرورت ہے۔ معیشت پہلے ہی متعدد چیلنجز سے دوچار ہے۔ سرمایہ کاری، روزگار، برآمدات، توانائی، مہنگائی اور سرکاری مالیات جیسے مسائل فوری توجہ چاہتے ہیں۔ ایسے ماحول میں مسلسل سیاسی بے یقینی کاروبار اور سرمایہ کاری کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے۔ سیاسی کشمکش کا سب سے بڑا بوجھ بھی آخر کار عام آدمی ہی اٹھاتا ہے۔

ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم سیاست کو اقتدار کی جنگ بنانا چاہتے ہیں یا قومی مسائل کے حل کا ذریعہ۔ اگر سیاست صرف اس مقصد تک محدود ہوجائے کہ کون جیتا اور کون ہارا تو عوام پھر بھی ہار جاتے ہیں۔ اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب حکومت اور اپوزیشن مل کر یہ ثابت کریں کہ سیاسی اختلاف کے باوجود ریاستی مفاد مقدم رکھا جاسکتا ہے۔

27 ستمبر اس لحاظ سے صرف ایک احتجاج یا سیاسی مارچ کی تاریخ نہیں ہونی چاہیے۔ اسے پاکستان کی سیاسی قیادت کے لیے ایک امتحان سمجھا جانا چاہیے۔ اپوزیشن کے لیے امتحان کہ وہ اپنے احتجاج کو کس قدر منظم، پرامن اور آئینی رکھتی ہے، اور حکومت کے لیے امتحان کہ وہ سیاسی اختلاف کو کس قدر برداشت اور دانش مندی سے سنبھالتی ہے۔ اگر اس دن تصادم ہوا تو چند گھنٹوں یا چند دنوں کی سیاسی کامیابی شاید کسی ایک فریق کو مل جائے، مگر نقصان ملک کا ہوگا۔ اگر اس موقع کو مکالمے کا آغاز بنا دیا گیا تو شاید یہی دن پاکستانی سیاست میں ایک نئے باب کی بنیاد رکھ دے۔

پاکستان کو مزید سیاسی جنگوں کی نہیں، سیاسی حل کی ضرورت ہے۔ ہمیں مخالف کو ختم کرنے کی نہیں، مخالف کے موقف کو سننے کی روایت قائم کرنا ہوگی۔ حکومت رہے یا اپوزیشن، جماعت کوئی بھی ہو، اصول ایک ہی ہونا چاہیے: اختلاف ضرور ہو مگر انتقام نہیں ہونا چاہیے۔ احتجاج ضرور ہو لیکن تشدد نہیں ہونا چاہیے۔ سیاست ضرور ہو مگر تصادم سے گریز ہونا چاہیے کیونکہ ریاستیں نعروں سے نہیں، اداروں، آئین، قانون اور سیاسی برداشت سے مضبوط ہوتی ہیں۔ اور قومیں اس وقت آگے بڑھتی ہیں جب ان کے رہنما یہ سمجھ لیتے ہیں کہ اقتدار عارضی ہے، مگر ملک ہمیشہ قائم رہتا ہے۔

شاہی خاندان



سلمان احمد قریشی
فکرِ نو
f /salman.qureshi
salmanqureshiokara@gmail.com

پاکستانی سیاست میں شخصیات صرف سیاست کی وجہ سے خبروں میں نہیں رہتیں، بعض اوقات ان کی نجی زندگی بھی افواہوں، قیاس آرائیوں اور سوشل میڈیا کی کہانیوں کا مرکز بن جاتی ہے۔ گزشتہ چند روز سے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی شادی کے حوالے سے رشتہ طے ہونے کی ایسی ہی ایک خبر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے، جس نے معاملے کو محض ایک شادی کی خبر کے بجائے یورپ کے ایک چھوٹے سے ملک، قدیم شاہی خاندان اور ایک نوجوان خاتون کے نام سے جوڑ دیا۔ کہانی میں کہا گیا کہ بلاول بھٹو زرداری کی منگنی ایک یورپی خاندان میں ہوئی ہے۔ مبینہ دلہن کا تعلق لیختن شٹائن کے دارالحکومت وادوز سے ہے جبکہ بعض سوشل میڈیا پوسٹس اور چھوٹی ویب سائٹس نے اس خاتون کا نام گلوریا وان ہاہسبرگ بتایا۔ مزید دعویٰ کیا گیا کہ صدر آصف علی زرداری یورپ گئے اور ممکنہ شادی کی تاریخ طے کرنے کے لیے خاندان سے ملاقات کی۔ لیکن یہاں سے اصل سوال شروع ہوتا ہے کہ اس پوری کہانی میں حقیقت کتنی ہے اور افواہ کتنی ہے۔۔؟

میئر کراچی اور بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان مرتضیٰ وہاب نے ایک واضح بیان میں کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی کی منگنی یا شادی سے متعلق خبر غلط اور بے بنیاد ہے۔ بلاول بھٹو یا ان کے خاندان کی جانب سے بھی ایسی کسی شادی کی تصدیق سامنے نہیں آئی۔ اس تردید کے بعد اس خبر کو مصدقہ شادی کی خبر کہنا صحافتی اصولوں کے خلاف ہوگا۔ تاہم چونکہ افواہ میں جن ملک اور خاندان کا ذکر ہوا ہے وہ خود ایک دلچسپ تاریخی حقیقت رکھتے ہیں، اس لیے اس پورے معاملے کو سمجھنا ضروری ہے۔

لیختن شٹائن وسطی یورپ میں واقع ایک انتہائی چھوٹی خودمختار ریاست ہے۔ یہ سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا کے درمیان واقع ہے اور اس کا دارالحکومت وادوز ہے۔ رقبے اور آبادی کے اعتبار سے یہ یورپ کی چھوٹی ترین ریاستوں میں شمار ہوتا ہے مگر اس کی معاشی حیثیت اس کے حجم سے کہیں زیادہ بڑی ہے۔ یہ ایک آئینی موروثی بادشاہت ہے، جس میں پارلیمانی جمہوری نظام بھی موجود ہے۔ اس کا حکمران شہزادہ لیختن شٹائن ہے۔ لیختن شٹائن کی خاص بات یہ ہے کہ یہ یورپ کی روایتی بادشاہتوں سے قدرے مختلف سیاسی نظام رکھتا ہے۔ یہاں حکمران خاندان کے پاس بعض دوسرے یورپی آئینی بادشاہوں کے مقابلے میں نمایاں سیاسی اختیارات موجود ہیں۔ حالیہ دنوں میں اس کے حکمران خاندان نے جانشینی کے قوانین میں بھی تبدیلیاں کی ہیں۔ یہ ملک اپنی مالیاتی خدمات، صنعتی شعبے اور بلند معیارِ زندگی کے لیے مشہور ہے۔ اس کی معیشت کا سوئٹزرلینڈ کے ساتھ گہرا تعلق ہے اور ملک اپنی چھوٹی جغرافیائی حدود کے باوجود عالمی مالیاتی نظام میں ایک مخصوص مقام رکھتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ لیختن شٹائن کا حکمران خاندان اور ہاہسبرگ خاندان ایک نہیں ہیں۔ یہ دو الگ یورپی خاندان ہیں۔ یہی فرق اس موجودہ افواہ کو سمجھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ لیختن شٹائن پر حکمرانی کرنے والا خاندان ہاؤس آف لیختن شٹائن کہلاتا ہے۔ موجودہ حکمران شہزادہ ہانس ایڈم دوم ہیں جبکہ ان کے بڑے بیٹے ولی عہد شہزادہ آلویس 2004 سے ریاستی امور کے عملی انتظام میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ خاندان یورپ کے قدیم شاہی خاندانوں میں شمار ہوتا ہے اور اس کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے۔ لیکن جس نام نے موجودہ افواہ کو عالمی رنگ دیا، وہ لیختن شٹائن کا شاہی خاندان نہیں بلکہ ہاہسبرگ خاندان ہے جو یورپ کے تاریخ ساز ترین شاہی خاندانوں میں سے ایک ہے۔ صدیوں تک اس خاندان نے آسٹریا، ہنگری اور وسطی یورپ کے وسیع علاقوں پر حکمرانی کی۔ اس خاندان کی ایک اہم شخصیت شہنشاہ کارل اول آف آسٹریا تھے، جو آسٹریا کے آخری شہنشاہ اور آسٹرو ہنگیرین سلطنت کے آخری حکمران تھے۔ 1918 میں پہلی جنگِ عظیم کے خاتمے کے ساتھ ہاہسبرگ بادشاہت کا خاتمہ ہوگیا۔ اس کے بعد خاندان سے ریاستی اقتدار ختم ہوگیا اور آسٹریا ایک جمہوری ریاست بن گیا۔ لہٰذا آج کسی ہاہسبرگ خاندان کے فرد کو آسٹریا کی شہزادی کہنا تاریخی نسبت کے اعتبار سے تو سمجھ میں آتا ہے لیکن یہ موجودہ آئینی یا سرکاری عہدہ نہیں۔ اہم سوال یہ ہے کہ گلوریا وان ہاہسبرگ کون ہیں؟ اب آتے ہیں اس نام کی طرف جو سوشل میڈیا پر بلاول بھٹو کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ گلوریا وان ہاہسبرگ، ہاہسبرگ لورین خاندان کی رکن ہیں۔ وہ 15 اکتوبر 1999 کو پیدا ہوئیں۔ گلوریا کو محض شاہی خاندان کی لڑکی کہنا ان کے تعارف کو بہت محدود کر دے گا۔ وہ جدید تعلیم اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں سے وابستہ رہی ہیں اور ان کا نام دستاویزی فلم سازی کے حوالے سے بھی سامنے آیا ہے۔ ان کا تعلق آسکر ایوارڈ یافتہ دستاویزی فلم نیوالنی کے پروڈکشن سے جوڑا جاتا ہے۔ اس طرح ان کی شناخت صرف خاندانی پس منظر تک محدود نہیں بلکہ جدید ثقافتی اور میڈیا سرگرمیوں سے بھی جڑی ہوئی ہے۔ ان کے بھائی فرڈیننڈ زونومیر وان ہاہسبرگ موٹر اسپورٹس میں معروف ہیں جبکہ بڑی بہن ایلیونور وان ہاہسبرگ بھی جدید یورپی اشرافیائی حلقوں میں سرگرم ہیں۔ یعنی گلوریا ایک ایسے خاندان کی رکن ہیں جس کی تاریخ یورپی سلطنتوں سے بھی جڑی ہے اور موجودہ دور کی سیاست، فنون، میڈیا اور کاروباری دنیا سے بھی ہے۔

پھر بلاول بھٹو کا نام گلوریا کے ساتھ کیسے جڑا؟ یہی اس پوری کہانی کا سب سے اہم حصہ ہے۔ حالیہ دنوں میں سوشل میڈیا پر یہ دعویٰ گردش کرنے لگا کہ بلاول بھٹو زرداری کی شادی ایک یورپی خاندان میں ہونے والی ہے۔ ابتدا میں مبینہ دلہن کو وادوز، لیختن شٹائن سے منسوب کیا گیا۔ بعد ازاں بعض سوشل میڈیا پوسٹس اور چھوٹی ویب سائٹس نے اس مبینہ خاتون کا نام گلوریا وان ہاہسبرگ دینا شروع کر دیا۔ بعض رپورٹس نے اسے سابق آسٹریائی شاہی خاندان سے جوڑا۔ اس کے بعد کہانی میں ایک اور موڑ آیا۔ سوشل میڈیا اور بعض رپورٹس میں کہا گیا کہ صدر آصف علی زرداری یورپ گئے ہیں اور مبینہ طور پر بلاول کی شادی کے سلسلے میں خاندان سے ملاقات اور تاریخ طے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن یہی وہ مقام ہے جہاں خبر اور قیاس آرائی الگ ہوجاتی ہیں۔

اب سوال یہ کیا آصف علی زرداری واقعی لیختن شٹائن گئے؟ اس بارے میں سرکاری طور پر جو بات سامنے آئی وہ یہ ہے کہ 27 اگست کو ایوانِ صدر نے بتایا کہ صدر آصف علی زرداری نجی دورے پر بیرون ملک روانہ ہوئے۔ لیکن ایوانِ صدر نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کس ملک گئے۔ بعد میں شادی کی افواہوں میں دعویٰ کیا گیا کہ صدر زرداری لیختن شٹائن پہنچے ہیں۔ دوسرا اہم سوال کیا بلاول خود لیختن شٹائن گئے ہیں؟ اس وقت دستیاب سرکاری سفارتی ریکارڈ میں بلاول بھٹو زرداری کے لیختن شٹائن کے دورے کا کوئی مستند ریکارڈ نہیں ملتا۔ بلاول نے 2022 میں ڈیووس میں آسٹریا کے وزیر خارجہ الیگزینڈر شالن برگ سے ملاقات کی تھی۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے سرکاری ریکارڈ میں اس ملاقات کی تفصیل موجود ہے مگر اس ملاقات میں گلوریا وان ہاہسبرگ یا ہاہسبرگ خاندان کا کوئی ذکر موجود نہیں۔ تیسرا اہم سوال کیا بلاول اور گلوریا کی کسی تیسرے ملک میں ملاقات ہوئی؟ یہ وہ سوال ہے جس کا جواب افواہ کے لیے سب سے زیادہ اہم ہے۔ دستیاب عوامی، سفارتی اور سرکاری ریکارڈ میں بلاول بھٹو زرداری اور گلوریا وان ہاہسبرگ کی کسی ملاقات کا قابلِ اعتماد ثبوت سامنے نہیں آیا نہ کوئی مشترکہ سرکاری تقریب سامنے آئی، نہ کسی سفارتی ملاقات کا ریکارڈ، نہ کسی خاندانی تقریب میں دونوں کی موجودگی کی معتبر رپورٹ موجود ہے۔ اس لیے یہ کہنا کہ دونوں کی ملاقات ہوچکی ہے یا دونوں خاندانوں میں باقاعدہ رشتہ طے ہوچکا ہے، اس وقت دستیاب شواہد سے ثابت نہیں ہوتا۔ پھر افواہ میں لیختن شٹائن کیوں آیا؟ ممکن ہے کہ افواہ کی بنیاد کئی الگ الگ حقیقی معلومات کے ملنے سے بنی ہو۔ ممکن ہے سوشل میڈیا پر ان مختلف حقائق کو جوڑ کر ایک ایسی کہانی تشکیل دی گئی ہو جس کا آخری حصہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔ سب سے اہم حقیقت یہ ہے کہ خود پیپلز پارٹی نے تردید کر دی۔ اس پوری کہانی کا سب سے معتبر موجودہ جواب خود بلاول کے ترجمان کی طرف سے آیا ہے۔ 29 اگست 2026 کو مرتضیٰ وہاب نے کہا بلاول کی منگنی یا شادی سے متعلق خبر غلط اور بے بنیاد ہے۔ یہ اس وقت اس معاملے کی سب سے اہم اور براہ راست تردید ہے۔

لہٰذا اس وقت گلوریا وان ہاہسبرگ کو بلاول بھٹو کی ہونے والی دلہن کہنا درست صحافتی طرزِ عمل نہیں ہوگا۔ درست بات صرف اتنی ہے کہ سوشل میڈیا کی ایک افواہ نے بلاول بھٹو، لیختن شٹائن اور ہاہسبرگ خاندان کو ایک ہی کہانی میں جوڑ دیا، لیکن اس کہانی کا سب سے اہم دعویٰ یعنی شادی یا منگنی ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔ سوشل میڈیا کے دور میں شاید یہی فرق سب سے اہم ہے کہ ہر دلچسپ کہانی خبر نہیں ہوتی، ہر خبر ذرائع کی اطلاع حقیقت نہیں ہوتی اور ہر حقیقی کردار کو جوڑ کر بنائی گئی کہانی بھی لازماً حقیقی نہیں ہوتی۔ آخر کار صحافت کا کمال کسی دلچسپ کہانی کو سنسنی خیز بنانا نہیں، بلکہ افواہ اور حقیقت کے درمیان لکیر واضح کرنا ہے۔ عوام کو خبر کا حق ہے مگر کسی کی نجی زندگی کو قیاس آرائی کی نذر کرنا صحافت نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی شادی سے متعلق یہ قصہ بھی فی الحال اسی لکیر کے دوسری طرف کھڑا ہے۔ جب تک متعلقہ خاندان خود تصدیق نہ کرے، اسے خبر نہیں بلکہ ایک غیر مصدقہ افواہ ہی سمجھا جانا چاہیے۔

حقائق


ایک عرصہ سے پاکستان میں دہشت گردی ہو رہی ہے خاص طور پر بلوچستان اور خیبر پی کے میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حالات خراب کئے جارہے ہیں اس مذموم منصوبے میں بھارت اور اسرائیل ملوث ہیں بہت سے باخبر لوگ۔ محبِ وطن پاکستانی اور عوام کی اکثریت کو اس بات کا بخوبی پتہ تھا ہے سب کے سب علم نجوم جانتے ہیں نہ ان کو دلوں کے بھید معلوم ہے سیدھی سی بات یہ ہے کہ بھارت اور اسرائیل نے آج تک پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا اور انڈیا میں کسی بھی پارٹی کی حکومت ہو صدر مسلمان ہو یا وزیراعظم سکھ یا پھر ہندو۔۔۔اس نے پاکستان کو ہمیشہ اپنی تعصب کی عینک سے ہی دیکھا ہے جبکہ اسرائیل پاکستان کو نقصان پہچانے کا کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہیں دیتا اب ایران اسرائیل جنگ نے یہ گٹھ جوڑ بے نقاب کر ڈالا ہے اور غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام میں یہودیوں کی بھیانک ریشہ دوانیاں کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہمارے بیشتر رہنما یہ تو اکثر کہتے ہیں کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بیرونی ہاتھ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کچھ پاکستان دشمن طاقتیں ہمارے ملک کا امن برباد کرنا چاہتی ہیں ان سے پوری قوم کو خبردار رہنے کی ضرورت ہے لیکن کھل کر بھارت کا نام لینے سے وہ گھبراتے ہیں یا شرماتے ہیں۔کیا یہ بھی عجیب بات نہیں کہ ہم اپنے ظاہری دشمن کا نام لینے سے کنی کتراتے ہیں وہ دشمن جس نے پاکستان کو دو لخت کر ڈالا۔۔۔وہ دشمن ملک جس وزیر اعظم اندارا گاندھی نے سقوط ڈھاکہ کے وقت بڑے غرور سے کہا تھا ''ہم نے دو مسلمانوں کا دو قومی نظریہ سمندر میں ڈبو ڈالا''۔۔۔وہ دشمن ملک جو آج بھی اپنے دریاؤں پر ڈیم بنا کر عالمی قوانین کا تمسخر اڑا رہا ہے تاکہ پاکستان کو بنجر بنا ڈالے۔۔۔یہ بھی بھارت کی دشمنی کا ہی ایک انداز ہے کہ جب اس کے ندی نالوں میں طغیانی آجاتی ہے تو وہ پاکستانی دریاؤں میں پانی چھوڑ دیتا ہے جس سے پاکستان میں سیلاب آجانے سے قیامتِ صغریٰ بپا ہوجاتی ہے۔۔۔یہ وہی دشمن ملک ہے جس نے آج تک اقوام متحدہ کی قراردادوں کا احترام نہیں کیا وادیٔ کشمیر میں ظلم و بربریت کا بازار گرم ہے اور ایک لاکھ کشمیری مسلمان اپنے خطہ کی آزادی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں مگر بھارت نے ان کو حقِ خودارادیت دینے سے انکار کر دیا ہے یہ سب حقائق تاریخ کے سینے پر رستے ہوئے ناسور کی مانند ہیں۔۔۔یہ بھی حقیقت ہے کہ بھارت میں کوئی حادثہ، دہشت گردی یا کوئی خوفناک واقعہ رونما ہوجائے بھارتی نیتا فٹافٹ پاکستان پر الزام لگانا شاید اپنا مذہبی فریضہ سمجھتے ہیں۔۔۔ان تمام تر حقائق کی روشنی میں یہ عجیب بات نہیں کچھ لوگ بھارت سے دوستی کیلئے مرے جارہے ہیں بھارت کو پسندیدہ ملک قرار دینے کی باتیں ہورہی ہیں اور ہمارے کچھ نام نہاد دانشور پاک و ہند کی تقسیم کے ہی خلاف ہیں اور وہ بارڈر کو ایک لکیر کا درجہ دیتے ہیں ان کا خیال ہے کہ یہ دونوں ممالک کے درمیان یہ لکیر کا فرق بھی ختم ہو جانا چاہیے۔۔۔ان لوگوں کو شاید یہ معلوم نہیں کہ پاکستان کے قیام کیلئے کتنی قربانیاں دی گئی تھیں کتنے ہزار لوگوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ دیا گیا۔۔۔کتنی عفت مآب بیٹیوں کی عصمت کو تار تار کیا گیا۔۔۔بلوائیوں نے کمسن بچوں کے لاشوں کو نیزے کی انی یا کرپان کی نوک پر لہراتے پھرتے۔۔رقص کیا۔۔۔کاش قیام پاکستان کے وقت ایک نئے ملک میں آنے کا تصور لئے جن بچے، بوڑھوں، جوانوں، بیٹیوں اور بہنوں پاکستانیوں کو بے رحمی سے ٹوٹے ٹوٹے کیا گیا امرتسر سے آنے والی اس لہولہان ٹرین کو اسی حالت میں لاہور کے عجائب گھر رکھ دیا جاتا تو آج کی نسل، نام نہاد دانشوروں اور بھارت کی محبت میں راگ الاپنے والوں کو بخوبی علم ہوجاتا کہ پاکستان کیسے بنا؟۔۔۔یہ بھی کہا جارہا ہے کہ پاکستان کے حالات خراب کرنے، طے شدہ امور کو متنازعہ بنانے اور قومی اتفاق رائے میں رخنہ ڈالنے میں ہمارے پڑوسی ملک کا بہت بڑا کردار ہے شنید ہے کہ لاابالی باغ ڈیم پر چاروں صوبوں میں اتفاق و مفاہمت نہ ہونے میں بھی بھارت کا کلیدی کردار ہے یہاں تک کہا جارہا ہے کہ کالا باغ ڈیم کے ایشو پر بھارت کئی پاکستانی سیاستدانوں کی مالی معاونت کر رہا ہے۔اس صورتِ حال میں پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے خاص طور پر بلوچستان میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حالات خراب کئے جارہے ہیں افغانستان سے پاکستانی چوکیوں پر حملوں کے پیچھے بھی بھارت کا مکروہ چہرہ ہے ان حقائق نے کچھ نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔۔۔کہ حکومت نے اس دراندازی پر آج تک بھارتی حکومت سے باقاعدہ احتجاج کیوں نہیں کرتی؟۔۔دوسرا حالات بہتر بنانے کیلئے پاکستانی حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں اس سے قوم کو باخبر کیا جائے۔تیسرا پاکستان میں انتہا پسندی و دہشت گردی میں جو قوتیں ملوث ہیں یا ہمارے ملک میں جو انکے آلہ کار ہیں ان کے بارے کیا حکمتِ عملی طے کی گئی ہے اس پر ٹھنڈے دل و دماغ سے ٹھوس منصوبہ بندی کئے بغیر پائیدار امن کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا یہ سارے حقائق بتانے کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم لٹھ پکڑ کر انڈیا کی درگت بنانے اور قومی اتفاق رائے میں رخنہ ڈالنے میں ہمارے پڑوسی ملک کا بہت بڑا کردار ہے شنید ہے کہ لاابالی باغ ڈیم پر چاروں صوبوں میں اتفاق و مفاہمت نہ ہونے میں بھی بھارت کا کلیدی کردار ہے یہاں تک کہا جارہا ہے کہ کالا باغ ڈیم کے ایشو پر بھارت کئی پاکستانی سیاستدانوں کی مالی معاونت کر رہا ہے۔اس صورتِ حال میں پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے خاص طور پر بلوچستان میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حالات خراب کئے جارہے ہیں افغانستان سے پاکستانی چوکیوں پر حملوں کے پیچھے بھی بھارت کا مکروہ چہرہ ہے ان حقائق نے کچھ نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔۔۔کہ حکومت نے اس دراندازی پر آج تک بھارتی حکومت سے باقاعدہ احتجاج کیوں نہیں کرتی؟۔۔دوسرا حالات بہتر بنانے کیلئے پاکستانی حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں اس سے قوم کو باخبر کیا جائے۔تیسرا پاکستان میں انتہا پسندی و دہشت گردی میں جو قوتیں ملوث ہیں یا ہمارے ملک میں جو انکے آلہ کار ہیں ان کے بارے کیا حکمتِ عملی طے کی گئی ہے اس پر ٹھنڈے دل و دماغ سے ٹھوس منصوبہ بندی کئے بغیر پائیدار امن کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا یہ سارے حقائق بتانے کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم لٹھ پکڑ کر انڈیا کی درگت بنانے اور قومی اتفاق رائے میں رخنہ ڈالنے کا کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے دیتا اب ایران اسرائیل جنگ نے یہ گٹھ جوڑ بے نقاب کر ڈالا ہے اور غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام میں یہودیوں کی بھیانک ریشہ دوانیاں کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہی

بالی ووڈ میں طاقتور اور مسکیولر خواتین کے معیار کی بنیاد میں نے رکھی: بپاشا باسو

نامور بھارتی اداکارہ بپاشا باسو نے بالی ووڈ میں فٹنس کو متعارف کروانے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈسٹری میں طاقتور اور مسکیولر خواتین کے جسمانی معیار کی بنیاد میں نے رکھی۔ بپاشا باسو نے اداکارہ مرونال ٹھاکر کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے اپنے دورِ عروج کے فٹنس سفر اور انڈسٹری میں خوبصورتی کے معیارات پر گفتگو کی۔ بپاشا باسو نے بتایا کہ جب میں نے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا، تو اس وقت اداکاراؤں کے لیے 'سلم اینڈ ٹرم' یا 'زیرو سائز' ہونا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ تاہم، انہوں نے اپنے مسکیولر، جم ٹرینڈ اور فٹ باڈی کے ذریعے اس سوچ کو بدلا۔ بپاشا کا کہنا تھا کہ شروعات میں لوگوں نے اور مسکیولر جثہ (فزیک) پر حیرت کا اظہار کیا، لیکن بعد میں یہی لُک بالی ووڈ میں اداکاراؤں کیلئے طاقت اور فٹنس کی نئی علامت بن گیا۔ اس دوران اداکارہ مرونال ٹھاکر نے بپاشا باسو کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بپاشا نے ہمیشہ روایتی فریم سے باہر نکل کر خود کو اعتماد کے ساتھ پیش کیا، جس سے نئی نسل کی اداکاراؤں کو اپنے حقیقی جسمانی خدوخال کو قبول کرنے کا حوصلہ ملا۔








نورا فتحی کو چارٹرڈ طیارے پر تبصرہ مہنگا پڑ گیا، 3 کروڑ روپے ہرجانے کا دعویٰ

بالی ووڈ اداکارہ نورا فتحی کو ایک چارٹرڈ پرواز سے متعلق سوشل میڈیا پر کیا گیا تبصرہ مہنگا پڑ گیا۔ مراکشی نژاد کینیڈین اداکارہ کے خلاف ایوی ایشن کمپنی نے 3 کروڑ بھارتی روپے ہرجانے اور ہتکِ عزت کا دعویٰ دائر کر دیا ہے، جس کی سماعت گاندھی نگر کی عدالت میں 25 ستمبر کو مقرر کی گئی ہے۔ درخواست گزار کمپنی کے مطابق معاملہ گزشتہ برس دسمبر کا ہے، جب نورا فتحی ممبئی سے جے پور جانے والی چارٹرڈ پرواز میں سوار تھیں۔ دورانِ سفر اداکارہ نے طیارے کے اندر ویڈیوز بنائیں اور بعد میں انہیں اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے جہاز کو چھوٹا کھلونا اور 'لیگو ایئر پلین' قرار دیا۔ ایوی ایشن کمپنی نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ نورا فتحی کی جانب سے طیارے کے بارے میں کیے گئے تبصرے غیر ذمہ دارانہ اور لاپرواہی پر مبنی تھے، جن کا تکنیکی حقائق یا زمینی حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ نورا فتحی کے سوشل میڈیا پر 4.6 کروڑ سے زیادہ فالوورز ہیں، اس لیے ان کے تبصروں کی بڑے پیمانے پر تشہیر ہوئی اور کمپنی کی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ کمپنی کا دعویٰ ہے کہ اس صورتحال کے باعث کاروباری معاملات متاثر ہوئے، پروازوں کی بکنگ میں 15 سے 20 فیصد کمی آئی جبکہ منسوخیوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا۔ کمپنی نے اپنے مؤقف میں یہ بھی واضح کیا کہ جس چارٹرڈ طیارے پر نورا نے تبصرہ کیا، وہ مسافروں کے سفر کے لیے مکمل طور پر موزوں تھا اور ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ تھا۔ کمپنی کے مطابق طیارہ مقررہ این ایس او پی کے تحت آپریٹ کیا جا رہا تھا۔












پریتی زنٹا نے 18 گھنٹے کام کرنے کی وجہ بتادی

بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے فلمی دنیا میں واپسی کے دوران روزانہ 18 گھنٹے کام کرنے کے حوالے سے خاموشی توڑ دی۔ 51 سالہ اداکارہ نے ممبئی میں اپنی آنے والی اسپائی کامیڈی فلم 'وائب' کے ٹریلر لانچ کے موقع پر طویل ورکنگ آورز کے حوالے سے گفتگو کی۔ پریتی زنٹا نے بتایا ہے کہ فلم کی شوٹنگ کے دوران تقریباً روزانہ طویل شفٹ ہوتی تھی، تاہم میں نے خود 18 گھنٹے کام کرنے کا فیصلہ کیا کیونکہ میں اپنا کام جلد مکمل کر کے امریکا میں مقیم اپنے بچوں کے پاس واپس جانا چاہتی تھی۔ اداکارہ نے بتایا کہ کام جلد مکمل کرنے کے عزم کی وجہ سے فلم کی شوٹنگ کے دوران میں نے بھارت میں سماجی سرگرمیوں میں بھی حصہ نہیں لیا اور نہ ہی کسی کے ساتھ ملنے جلنے کے منصوبے بنائے۔ پریتی زنٹا نے وضاحت کی کہ فلم کی شوٹنگ کے دوران حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں ہوتے، کبھی بارش، کبھی بیماری اور کبھی ایکشن سے متعلق مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، میں بھارت صرف 30 سے 40 دن کے لیے آئی تھی، اس لیے میں نے طویل اوقات کار پر اعتراض نہیں کیا۔ پریتی زنٹا اگست 2026ء میں 'بڑا را 1947ء' کے ذریعے بالی ووڈ میں واپس آئی ہیں جسے 'لاہور 1947ء' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، اس طرح ان کی تقریباً 8 سال بعد بڑے پردے پر واپسی ہوئی ہے، ان کی آخری تھیٹر ریلیز 'بھائی جی سپر ہٹ' نومبر 2018ء کی فلم ہے۔ دوسری جانب فلم 'وائب' کو کنال کیمو نے نا صرف تحریر کیا ہے بلکہ اس کے ہدایت کار، پروڈیوسر ہونے کے ساتھ اس میں انہوں نے مرکزی کردار بھی ادا کیا ہے۔ فلم 'وائب' کنال کیمو کی کامیاب ہدایت کاری میں بننے والی پہلی فلم 'مدگاؤں ایکسپریس' کے بعد نیا پروجیکٹ ہے۔













وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب کے بیٹ پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور صفائی کے عملہ کی حاضری اور کارکردگی کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صفائی کے معاملات میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، کوتاہی کی صورت میں پہلے وارننگ جاری کی جائے گی جبکہ مسلسل ناقص کارکردگی پر برطرفی سمیت محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صفائی کے اہداف کے حصول کے حوالے سے زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور ستھرا پنجاب عوامی فلاح کا ایک اہم پروگرام ہے، جس کے ثمرات ہر شہری تک پہنچانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور اہلکار ہمارے لئے اہمیت رکھتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، تاہم فرائض میں سستی، غفلت اور غیر ذمہ داری کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں موجود رہ کر صفائی کے انتظامات کی نگرانی کریں اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ سموگ سیزن کی آمد کے پیش نظر صفائی کے دوران سڑکوں پر گرد و غبار اڑانے سے ہر صورت گریز کیا جائے۔ سڑکوں کی صفائی کے لیے مکینیکل سویپنگ اور دیگر ماحول دوست طریقہ کار کو ترجیح دی جائے تاکہ فضائی آلودگی میں اضافے کی روک تھام میں مدد مل سکے۔ انہوں نے محکمہ ماحولیات کی جانب سے سموگ کے تدارک کے لیے جاری کردہ ہدایات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سموگ ایک مشترکہ چیلنج ہے جس سے نمٹنے کے لیے بلدیاتی اداروں، محکمہ ماحولیات، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔

آف کامرس انڈس انڈسٹری سیالکوٹ کے نائب صدر سلیمان شیخ نے کہا کمپنی نمائندوں کے سامنے ایمانداری اور میرٹ پر قرعہ اندازی کرنا شفاف عمل قابل تحسین ہے اس سے ایکسپورٹرز کا اعتماد بحال ہوتا ہے۔ برطانیہ کی جانب سے ایک اہم تجارتی شراکت دار کے طور پر پاکستان کی صلاحیت کو تسلیم کیا گیا اور برطانیہ کی ترقی پذیر ممالک کی تجارتی اسکیم کے تحت تجارتی روابط کو بڑھانے میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ پاکستان برطانیہ تجارت اور سرمایہ کاری مذاکرات کے آغاز سے دونوں ممالک کیلئے تجارتی حجم میں اضافے، ملازمتوں کے مواقع پیدا ہونے اور طویل مدتی ترقی کا امکان ہے۔

پرخدمات کا ریکارڈ انہیں اسلام آباد کے لیے ایک تجربہ کار انتخاب بناتا ہے۔ پولیس حلقوں میں ان کے سخت انتظامی انداز اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا بھی ذکر کیا جاتا ہے۔

کے کیریئر کا فیصل آباد میں تعیناتی کا دور بھی خاص طور پر زیر بحث آتا ہے۔ پولیس ذرائع اور دستیاب روایات کے مطابق زیادتی کے ایک سنگین کیس میں ملوث ملزمان کے خلاف پولیس کارروائی کی گئی تھی، جس کے بعد ان کی شہرت میں نمایاں اضافہ ہوا۔ یہ واقعہ سی سی ڈی کے باقاعدہ قیام سے قبل کا بتایا جاتا ہے۔ تاہم اس واقعے کی تفصیلات اور پولیس مقابلے سے متعلق دعووں کی سرکاری ریکارڈ سے مزید تصدیق ضروری ہے۔

اب اسلام آباد میں سہیل چوہدری کے لیے سب سے بڑا امتحان امن وامان کی صورتحال کو قابو میں رکھنا، شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا، جرائم کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرنا اور ممکنہ سیاسی احتجاج کے دوران قانون کے مطابق پولیسنگ برقرار رکھنا ہوگا۔

اسلام آباد پولیس کو اس وقت منشیات، اسٹریٹ کرائم، قبضہ مافیا، فراڈ اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ ساتھ سیاسی احتجاج کے دوران امن و امان برقرار رکھنے جیسے کئی چیلنجز درپیش ہیں۔

نئے آئی جی کی تعیناتی کے بعد پولیس افسران و اہلکاروں کی کارکردگی، تھانوں کے نظام، شہریوں کی شکایات کے ازالے اور جرائم کے خلاف کارروائیوں پر بھی نظریں مرکوز ہوں گی۔

بقیہ | سحر | 4

افراد کی مدد کے لیے عملی کردار ادا کرنا چاہیے معاشرے میں محبت ہمدردی اخوت اور باہمی تعاون کو فروغ دے کر ہی ایک بہتر اور پُرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے خدمتِ خلق کسی نمود و نمائش کا نام نہیں بلکہ خلوصِ نیت کے ساتھ انسانیت کے کام آنا ایک ایسی نیکی ہے جس کے مثبت اثرات معاشرے پر دیرپا مرتب ہوتے ہیں

بقیہ | سحر | 5

آرڈیننس باہمی تنازعات کے خاتمہ کی جانب اہم قدم ہے۔ اس بہترین حکومتی اقدام کے تحت حقائق پر مبنی درست ڈیٹا مرتب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کی جائیداد کے حقوق کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

بقیہ | سحر | 6

کردی۔ اس دوران گاڑی میں سوار نامعلوم ملزم باہر نکلا اور میری گاڑی ہونڈا سوک کا دروازہ زبردستی کھولنے کی کوشش کی تاہم میں نے گاڑی لاک کردی اور دروازہ نہیں کھولا۔ اس دوران اس نامعلوم ملزم نے میری گاڑی کی توڑ پھوڑ شروع کردی اور ٹریفک پولیس نے آکر روڈ کھلوائی اور حملہ آور بھاگنے میں کامیاب ہوگیا۔ شاہد حبیب کے مطابق حملہ آور نوجوان منظم منصوبہ بندی کے تحت میرے پیچھے آیا اور وہ مجھے جان سے مارنا چاہتا تھا تاہم وہ اپنے منصوبے میں کامیاب نہیں ہوا۔ دوسری جانب پولیس نے شاہد حبیب کی درخواست پر دو روز گزرنے کے باوجود تاحال ایف آئی آر درج نہیں کی جس پر صحافتی تنظیموں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے آئی جی پنجاب سے فوری نوٹس لینے، مقدمہ درج کرنے اور ملوث تمام افراد کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ | سحر | 7

پولیس رپورٹ کے مطابق ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی، جس پر پولیس پارٹی نے بھی حفاظتِ خود اختیاری کے تحت اکا دکا فائر کیے۔ کچھ دیر بعد دوسری جانب سے فائرنگ کی آواز بند ہونے پر سرچ لائٹ کے ذریعے دیکھا گیا کہ ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مضروب ہوکر موقع پر مردہ حالت میں پڑا تھا، جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے شخص کی پرتال پر اس کا نام عبداللہ عرف والی ولد امتیاز احمد قوم کشمیری ساکن کوپر کلاں، عمر تقریباً 22/23 سال معلوم ہوا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق ہلاک ہونے والا عبداللہ عرف والی مقدمہ نمبر 783/25، جرم 302/34 ت پ، تھانہ بمبانوالہ اور مقدمہ نمبر 540/25، جرم 392 ت پ، تھانہ بمبانوالہ میں مجرم اشتہاری تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ عبداللہ عرف والی اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا، جبکہ فرار ہونے والے دونوں ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ کارروائی حسبِ ضابطہ جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق کارروائی میں رضوان اکرم تھانہ بمبانوالہ اور سید نجم الحسن گیلانی تھانہ بمبانوالہ شامل ہیں۔

بقیہ | سحر | 8

ولد محمد سرور قوم چھچی سکنہ کنڈ بوہڑ گرفتار ملزمان کے خلاف اسلحہ اور منشیات فروشی ایکٹ کے تحت مقدمات درج اسلحہ کی نمائش کرنے والوں اور اشتہاریوں کے خلاف بلا تفریق کاروائیاں جاری رہیں گی ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو

بقیہ | سحر | 9

مزید محنت، دیانت اور لگن سے ادا کریں تا کہ پولیس کا وقار بلند ہو اور عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو۔

بقیہ | سحر | 10

کا رخ نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کی موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ کچی والا اور گردونواح کی عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ تقریب کے شرکاء الختادی، شفافیت اور عوامی جوابدہی کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے جائز مسائل کے حل اور سرکاری خدمات کی بروقت فراہمی میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ | سحر | 11

پرحافظ امجد معینی نے خصوصی دعا کرائی۔ دعا میں مرحومہ کے لیے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔

محفل کے اختتام پر شرکاء نے مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کی مغفرت و بخشش اور درجاتِ بلندی کی التجا کی۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

بقیہ | سحر | 12

شناسی، پیشہ ورانہ مہارت اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرانجام دی جانے والی ذمہ داریاں قابلِ تحسین ہیں۔ محمد مجاہد علی سب انسپکٹر نے اعزاز کو اپنے لیے باعثِ فخر قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی اپنے فرائض مزید محنت، ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ | سحر | 13

میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ اینٹی کرپشن پنجاب کا عزم۔ بدعنوانی اور رشوت ستانی کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ | سحر | 14

کسانوں کو فصلوں کی باقیات جلانے سے روکنے کی ترغیب دے گا اس کے علاوہ، نمبرداروں کو اسموگ سے متعلق معلوماتی پمفلٹ بھی فراہم کیے گئے

بقیہ | سحر | 15

کر لیا، اس بابت معروف صحافی اور سماجی رہنما مختیار پڑھیار نے محکمہ معدنیات کے افسران منرل ڈویلپمنٹ آفیسر زیشان عزیز کے ساتھ میٹنگ کی اور ریٹ چوری کے خلاف بڑی کاروائی کرنے پر شکریہ ادا کیا

بقیہ | سحر | 16

والہ ثوبیہ فلک نے کہا کہ ریونیو دفاتر میں آنے والے شہریوں کو بروقت رہنمائی، مؤثر سروس ڈیلیوری اور خوش اخلاق رویہ فراہم کیا جائے، انہوں نے ہدایت کی کہ متعلقہ دفاتر میں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے متعلق ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ ریونیو عملہ روزانہ صبح 9 بجے سے 10 بجے تک دفتر میں اپنی موجودگی یقینی بنائے تاکہ سائلین کو بروقت سہولت میسر ہو۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ریونیو عملہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری امور کی انجام دہی میں ذمہ داری، خود احتسابی، شفافیت اور عوامی جوابدہی کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے جائز مسائل کے حل اور سرکاری خدمات کی بروقت فراہمی میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ | سحر | 17

کارلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ DCC کی ذمہ داری کو محض عہدہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ایک اہم ذریعہ سمجھتے ہوئے علاقے کے بنیادی مسائل کو متعلقہ فورمز پر بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اور عملی کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں اور گورننس کے شعبوں میں نمایاں اقدامات جاری ہیں۔ ان کے وژن کے مطابق عوامی مسائل کی نشاندہی، متعلقہ اداروں تک مؤثر انداز میں رسائی اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا نومنتخب رکن DCC نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا اعتماد ہمارے لیے اعزاز، عوام کی خدمت ہمارا عزم اور ترقی یافتہ و خوشحال پنجاب ہماری منزل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی توقعات پر پورا اترنے اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت، اخلاص اور جذب ؟ خدمت کے ساتھ ادا کریں گے۔

بقیہ | سحر | 18

سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔ ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد سہیل اختر سکھیرا نے میڈیا سے گفتگو کرتے بتایا کہ تھانہ میں ویٹنگ روم، خواتین اور بچوں کیلئے وکٹم سپورٹ ڈیسک، کمیونٹی روم اور تنازعات کے فوری حل کیلئے DRC کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ماڈل تھانہ کے قیام سے تھانہ کلچر میں مثبت تبدیلی اور عوام کو سہولیات کی بروقت اور آسان فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ پولیس اسٹیشن شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے قائم کیے گئے ہیں، بہتر پبلک سروس ڈلیوری پر شہریوں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پولیس افسران کیلئے پیشہ ورانہ فرائض سرانجام دینے بہترین ماحول میسر ہے جس سے پولیس کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ پولیسنگ کو بہتر بنانے کیلئے نئے تھانہ سٹی کے قیام پر شہریوں نے خوب سراہا اور جرائم کے خاتمہ کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ | سحر | 19

انہوں نے کہا کہ محمد خالد وسیم کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں جس کے مثبت نتائج ممبران اور رہائشیوں کو واضح طور پر نظر آ رہے ہیں ممبران نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اظہارِ تشکر کیا اور کہا کہ ان کی قیادت اور دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں روز بروز بہتری آ رہی ہے اور ترقیاتی عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

بقیہ | سحر | 20

مقدمہ میں بریمانڈ جسمانی ملزم محمد عاطف آرائیں کے انکشاف پر ملزم سے ایک عدد پسٹل 9 MM معہ روند زندہ برآمد کرتے ہوئے جملہ ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ SHO تھانہ تخت محل نعمان اقبال نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کسی رعائیت کے مستحق نہیں ان کیخلاف مزید کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ | سحر | 21

اور ماہر ڈاکٹرز دور دراز علاقوں تک پہنچائے جا سکتے ہیں۔ اسی طرح تعلیمی اداروں میں اضافہ کر کے بچوں اور نوجوانوں کو ان کے اپنے علاقوں میں بہتر تعلیمی مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ انصاف کے شعبے میں بھی شہریوں کو عدالتوں، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں تک آسان رسائی مل سکتی ہے۔ مقامی سطح پر مضبوط انتظامی نظام قائم ہونے سے عوامی شکایات کے ازالے میں تیزی لائی جا سکتی ہے تاہم نئے صوبوں کا قیام صرف سیاسی بنیادوں پر نہیں بلکہ انتظامی ضرورت، آبادی، جغرافیہ، وسائل اور عوامی رائے کو مدنظر رکھتے ہوئے ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ مقامی حکومتوں کو بھی بااختیار بنانا ضروری ہے تا کہ اختیارات حقیقی معنوں میں عوام کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ نئے صوبے پاکستان کو تقسیم کرنے کے بجائے اگر بہتر انتظام، منصفانہ وسائل کی تقسیم اور عوامی سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنیں تو یہ ملک کو مزید مضبوط اور مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتے ہیں#

بقیہ | سحر | 22

لوگوں کا کہنا تھا کہ یہاں پر مبینہ طور پر پٹاخے بنانے کا غیر قانونی کام کئی سالوں سے بلا خوف بجگ جاری تھا۔ جان بحق ہونے والوں میں 24 سالہ رضیہ دختر عبدالغفور اور 20 سالہ شاہین دختر عبدالغفور شامل ہیں۔

جائز کاموں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، کسی شہری کو اپنے جائز کام کیلئے غیر ضروری تاخیر، اختیارات کے ناجائز استعمال یا بدعنوانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے کھلی کچہریاں مؤثر پلیٹ فارم ہیں جہاں شہری براہِ راست اپنی شکایات پیش کر سکتے ہیں انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی شکایات پر قانون کے مطابق فوری کارروائی اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ نے کہا کہ قانون کی بالادستی اور شہریوں کو بلاامتیاز انصاف کی فراہمی پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، شہری اپنے جائز کام میں غیر ضروری رکاوٹ یا رشوت طلب کیے جانے کی صورت میں بلاخوف متعلقہ حکام کو اطلاع دیں تاکہ فوری جانچ کے بعد قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ساہیوال ڈویژن بشارت نبی نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی ہدایات پر پنجاب بھر میں کرپشن کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ اگر کوئی سرکاری افسر یا اہلکار جائز کام کیلئے رشوت طلب کرے، بلاجواز تاخیر کرے یا اختیارات کا ناجائز استعمال کرے تو فوری طور پر اینٹی کرپشن کی فری ہیلپ لائن 1350 پر اطلاع دیں یا تحریری درخواست ڈپٹی کمشنر آفس، ڈی پی او آفس یا اینٹی کرپشن دفتر میں جمع کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خاتمے کیلئے اداروں اور شہریوں کا باہمی تعاون ناگزیر ہے اور اجتماعی ذمہ داری و مؤثر احتساب کے ذریعے ہی کرپشن سے پاک، باوقار اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد مضبوط کی جا سکتی ہے۔ جائز کاموں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، کسی شہری کو اپنے جائز کام کیلئے غیر ضروری تاخیر، اختیارات کے ناجائز استعمال یا بدعنوانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے کھلی کچہریاں مؤثر پلیٹ فارم ہیں جہاں شہری براہِ راست اپنی شکایات پیش کر سکتے ہیں انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی شکایات پر قانون کے مطابق فوری کارروائی اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ نے کہا کہ قانون کی بالادستی اور شہریوں کو بلاامتیاز انصاف کی فراہمی پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، اختیارات کے ناجائز استعمال، غیر قانونی مطالبات اور رشوت ستانی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، شہری اپنے جائز کام میں غیر ضروری رکاوٹ یا رشوت طلب کیے جانے کی صورت میں بلاخوف متعلقہ حکام کو اطلاع دیں تاکہ فوری جانچ کے بعد قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ساہیوال ڈویژن بشارت نبی نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی ہدایات پر پنجاب بھر میں کرپشن کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ اگر کوئی سرکاری افسر یا اہلکار جائز کام کیلئے رشوت طلب کرے، بلاجواز تاخیر کرے یا اختیارات کا ناجائز استعمال کرے تو فوری طور پر اینٹی کرپشن کی فری ہیلپ لائن 1350 پر اطلاع دیں یا تحریری درخواست ڈپٹی کمشنر آفس، ڈی پی او آفس یا اینٹی کرپشن دفتر میں جمع کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خاتمے کیلئے اداروں اور شہریوں کا باہمی تعاون ناگزیر ہے اور اجتماعی ذمہ داری و مؤثر احتساب کے ذریعے ہی کرپشن سے پاک، باوقار اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد مضبوط کی جا سکتی ہے۔

بقیہ | سحر | 23

کردار و عمل کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما حکیم محمد حسنین اور صدر تقریب مولانا محمد احمد جالندھری نے سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تفصیلی روشنی ڈالی جبکہ دیگر کے علاوہ معروف ثناء خوانوں سید نجم الحسن بخاری اور ملک عبدالمصطفیٰ سعیدی نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں ہدیہ نعت پیش کیا۔ احسان احمد سحر کی میزبانی میں منعقدہ روحانی محفل کا آغاز معروف سینئر قانون دان حافظ ملک مظفر کریم ایڈووکیٹ کی قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا۔ محفل میلاد میں خطیب مسجد حنیفہ مفتی محمد فرقان، صدر پریس کلب راشد عزیز ہاشمی، ارشاد احمد خان، شبیر احمد قریشی، احمد علی چوہدری، ملک راشد محمود، جاوید مغل، غلام حسین قریشی، تنویر سحر، اعجاز احمد خان ایڈووکیٹ، اور پروفیسر شہزاد احمد خان کے علاوہ اہلیان محلّہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ روحانی محفل کے اختتام پر مولانا محمد احمد جالندھری نے امت مسلمہ کے اتحاد، پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کرائی جبکہ شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

بقیہ | سحر | 24

اصر حمید نے کہا ہے کہ قرآن کے ساتھ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہو کر ہم دین و دنیا میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ شب مسجد حنیفہ احمد پور شرقیہ میں مدیر و بانی مسجد احسان احمد سحر کی میزبانی میں منعقدہ محفل میلاد و سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جو ضلعی امن کمیٹی کے رکن مولانا محمد احمد جالندھری کی زیر صدارت منعقد ہوئی تھی جس میں اسلامیہ یونیورسٹی میڈیا سٹڈیز ڈیپارٹمنٹ کے سابق چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا مہمان اعزاز کے طور پر شریک ہوئے۔ ڈاکٹر ناصر حمید نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پوری انسانیت کے لیے رحمت اور ہدایت کا سرچشمہ ہے انہوں نے مسجد حنیفہ کی تعمیر محفل میلاد اور سیرت کانفرنس کے انعقاد پر احسان احمد سحر کو مبارکباد دی۔ مہمان اعزاز پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات اقدس پوری انسانیت کے لیے رحمت اور ہدایت کا بہترین نمونہ ہے ہمیں اپنی زندگیوں کو اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنے اور محبت رسول کو اپنے کردار و عمل کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما حکیم محمد حسنین اور صدر تقریب مولانا محمد احمد جالندھری نے سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر تفصیلی روشنی ڈالی جبکہ دیگر کے علاوہ معروف ثناء خوانوں سید نجم الحسن بخاری اور ملک عبدالمصطفیٰ سعیدی نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں ہدیہ نعت پیش کیا۔ احسان احمد سحر کی میزبانی میں منعقدہ روحانی محفل کا آغاز معروف سینئر قانون دان حافظ ملک مظفر کریم ایڈووکیٹ کی قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا۔ محفل میلاد میں خطیب مسجد حنیفہ مفتی محمد فرقان، صدر پریس کلب راشد عزیز ہاشمی، ارشاد احمد خان، شبیر احمد قریشی، احمد علی چوہدری، ملک راشد محمود، جاوید مغل، غلام حسین قریشی، تنویر سحر، اعجاز احمد خان ایڈووکیٹ، اور پروفیسر شہزاد احمد خان کے علاوہ اہلیان محلّہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ روحانی محفل کے اختتام پر مولانا محمد احمد جالندھری نے امت مسلمہ کے اتحاد، پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کرائی جبکہ شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

سرمایہ کاری کے ماہرین 11 سے 13 مئی کے دوران کراچی میں منعقد ہونے والے ’’ایشیا پیسفک ایمرجنگ مارکیٹس فورم‘‘ کے 4 ویں ایڈیشن میں شرکت کریں گے۔ فورم کے منتظمین کے مطابق اس بار 18 ممالک سے 420 سے زائد مندوبین کی رجسٹریشن ہوئی ہے، جو گزشتہ ایڈیشن کے مقابلے میں تقریباً 35 فیصد زیادہ ہے۔ فورم کے شریک میزبان ادارے ’’ساحل ایسوسی ایٹس‘‘ کے سی ای او فرحان ظہیر نے بتایا کہ اس بار توجہ خاص طور پر ان منصوبوں پر دی گئی ہے جو ماحول دوست توانائی، ڈیجیٹل بینکاری اور چھوٹے شہروں میں صنعتی پارکوں سے متعلق ہیں۔ ان کے بقول ’’ہم چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صرف بڑے شہروں کی کہانی نہ سنیں، بلکہ ان علاقوں کو بھی دیکھیں جہاں ترقی کی اصل گنجائش موجود ہے۔‘‘

فورم کے پہلے روز ’’پاک ایشیا انرجی ٹرانزیشن‘‘ کے موضوع پر ایک خصوصی اجلاس ہوگا، جس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سید عمیر حسن نقوی بھی خطاب کریں گے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ اس اجلاس میں شمسی توانائی کے منصوبوں، ذخیرۂ بجلی کے نظام اور نجی شعبے کی شراکت داری پر تفصیلی بات چیت ہوگی۔ ان کے مطابق اب تک 27 منصوبوں کے نمائندے اپنے پروجیکٹ پیش کرنے کے لیے رجسٹر ہو چکے ہیں، جن میں سے 9 کو ابتدائی مرحلے میں منتخب بھی کر لیا گیا ہے۔

دوسرے دن ’’ڈیجیٹل بینکاری اور مالی شمولیت‘‘ کے عنوان سے ایک اور اجلاس ہوگا، جس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے نمائندے بھی شرکت کریں گے۔ فرحان ظہیر کے مطابق اس سیشن میں یہ دیکھا جائے گا کہ موبائل بینکنگ اور ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے دیہی علاقوں میں بینک سے دور آبادی کو کس طرح مالی نظام سے جوڑا جا سکتا ہے۔ ان کے بقول ’’ہمارے ملک میں کروڑوں لوگ ایسے ہیں جن کے پاس موبائل فون تو ہے مگر بینک اکاؤنٹ نہیں، اور یہی وہ خلا ہے جسے پُر کرنے کی ضرورت ہے۔‘‘

فورم کے تیسرے روز ’’خواتین کاروباری قیادت‘‘ کے عنوان سے ایک خصوصی نشست ہوگی، جس میں 12 خواتین کاروباری رہنما اپنے تجربات شیئر کریں گی۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ اس نشست کا مقصد خواتین کے لیے قرض تک آسان رسائی اور ان کے کاروبار کو بڑھانے کے عملی راستوں پر بات کرنا ہے۔ فرحان ظہیر نے کہا کہ ’’ہم نے جان بوجھ کر ایسے مقررین کو بلایا ہے جو صرف نظریات نہیں بلکہ اپنی کامیاب کہانیاں سنائیں گی، تاکہ دوسری خواتین کو عملی رہنمائی مل سکے۔‘‘

اختتامی روز ’’سرمایہ کاری کے نئے مواقع‘‘ کے عنوان سے ایک بڑا اجلاس ہوگا، جس میں فورم کے شریک میزبان ادارے ’’ساحل ایسوسی ایٹس‘‘ کے سی ای او فرحان ظہیر کے مطابق اس بار توجہ خاص طور پر ان منصوبوں پر دی گئی ہے جو ماحول دوست توانائی، ڈیجیٹل بینکاری اور چھوٹے شہروں میں صنعتی پارکوں سے متعلق ہیں۔ ان کے بقول ’’ہم چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صرف بڑے شہروں کی کہانی نہ سنیں، بلکہ ان علاقوں کو بھی دیکھیں جہاں ترقی کی اصل گنجائش موجود ہے۔‘‘

فورم کے پہلے روز ’’پاک ایشیا انرجی ٹرانزیشن‘‘ کے موضوع پر ایک خصوصی اجلاس ہوگا، جس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سید عمیر حسن نقوی بھی خطاب کریں گے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ اس اجلاس میں شمسی توانائی کے منصوبوں، ذخیرۂ بجلی کے نظام اور نجی شعبے کی شراکت داری پر تفصیلی بات چیت ہوگی۔ ان کے مطابق اب تک 27 منصوبوں کے نمائندے اپنے پروجیکٹ پیش کرنے کے لیے رجسٹر ہو چکے ہیں، جن میں سے 9 کو ابتدائی مرحلے میں منتخب بھی کر لیا گیا ہے۔

دوسرے دن ’’ڈیجیٹل بینکاری اور مالی شمولیت‘‘ کے عنوان سے ایک اور اجلاس ہوگا، جس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے نمائندے بھی شرکت کریں گے۔ فرحان ظہیر کے مطابق اس سیشن میں یہ دیکھا جائے گا کہ موبائل بینکنگ اور ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے دیہی علاقوں میں بینک سے دور آبادی کو کس طرح مالی نظام سے جوڑا جا سکتا ہے۔ ان کے بقول ’’ہمارے ملک میں کروڑوں لوگ ایسے ہیں جن کے پاس موبائل فون تو ہے مگر بینک اکاؤنٹ نہیں، اور یہی وہ خلا ہے جسے پُر کرنے کی ضرورت ہے۔‘‘

فورم کے تیسرے روز ’’خواتین کاروباری قیادت‘‘ کے عنوان سے ایک خصوصی نشست ہوگی، جس میں 12 خواتین کاروباری رہنما اپنے تجربات شیئر کریں گی۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ اس نشست کا مقصد خواتین کے لیے قرض تک آسان رسائی اور ان کے کاروبار کو بڑھانے کے عملی راستوں پر بات کرنا ہے۔ فرحان ظہیر نے کہا کہ ’’ہم نے جان بوجھ کر ایسے مقررین کو بلایا ہے جو صرف نظریات نہیں بلکہ اپنی کامیاب کہانیاں سنائیں گی، تاکہ دوسری خواتین کو عملی رہنمائی مل سکے۔‘‘

اختتامی روز ’’سرمایہ کاری کے نئے مواقع‘‘ کے عنوان سے ایک اور

بلدیاتی ملازمین کی تنخواہیں براہِ راست ٹریژری سے ادا کی جائیں، لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن

سید کمیل حیدر شاہ کی حمایت پر اظہارِ تشکر، اوزیڈ ٹی گرانٹ کو تنخواہوں، پنشن اور واجبات کی ادائیگی کیلئے استعمال کرنے کا مطالبہ

کراچی (آئی این پی) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن سندھ کے چیئرمین رسول بخش شاہانی، صدر سید ذوالفقار شاہ، جنرل سیکریٹری محمد اکرم راجپوت، ڈپٹی جنرل سیکریٹری علی مردان شیخ اور قلندر بخش شاہانی نے آل سندھ لوکل کونسل ایسوسی ایشن کے سربراہ اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ کی جانب سے لوکل کونسل ملازمین کی تنخواہیں براہِ راست ٹریژری سے ادا کرنے کے مطالبے کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ منتخب چیئرمینوں اور میئرز کو بلدیاتی اداروں کے سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داریاں ادا کرنے کے بعد اس امر کا احساس ہوا ہے۔

نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں اضافہ، سندھ سے بڑی تعداد سروے میں شریک

ملک گیر سروے میں 75 فیصد سے زائد پاکستانیوں نے نئے صوبوں کی حمایت کردی

اسلام آباد/ کراچی (آئی این پی) پاکستان میں بہتر طرز حکمرانی، انتظامی امور میں بہتری اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت میں اضافہ سامنے آیا ہے، ملک گیر سروے میں 75.52 فیصد پاکستانیوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کردی۔ سنو ایف ایم کے ملک گیر سروے کے مطابق 72.48 فیصد شرکاء نے نئے صوبوں کے قیام کو عوامی مسائل کے حل کا بنیادی ذریعہ قرار دیا، جبکہ صوبوں کی تعداد اور حدود کے تعین کے لیے ماہرین کی مشاورت کو ترجیح دینے کا رجحان بھی نمایاں رہا۔

حنا جاوید قتل کیس، اہلخانہ کا پولیس تفتیش پر تحفظات کا اظہار

حنا جاوید کے بھائی کا چیئرمین قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو خط

اسلام آباد (آئی این پی) حنا جاوید قتل کیس میں اہلِ خانہ نے پولیس تفتیش پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حنا جاوید کے بھائی نے چیئرمین قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو خط لکھ دیا۔ متاثرہ فیملی نے وزارتِ قانون اور پارلیمنٹ کی کاکس کمیٹی کو بھی خط بھیج دیا۔ خط میں تفتیش ایف آئی آر کے مطابق نہ کیے جانے کے خدشے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ اہلِ خانہ کو خدشہ ہے کہ حنا قتل کیس میں سچ چھپانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ خط میں لکھا کہ تفتیش کا رخ اصل ملزم کے بجائے گھریلو ملازم کی جانب موڑا جا رہا ہے، کیس کے اہم شواہد کو درست طریقے سے محفوظ نہیں کیا گیا۔

بلوچستان کے ضلع سوراب کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کیلئے گرینڈ کھلی کچہری

خواتین کی جانب سے بجلی، گیس، تعلیم، صحت اور صاف پانی سمیت مختلف مسائل پیش

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع سوراب کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے کی۔ کھلی کچہری میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلعہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر اکبر علی، ڈی ایس پی بلاول سمیت مختلف محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ خواتین کی جانب سے بجلی، گیس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP)، بینظیر انکم نشوونما پروگرام، فیملی پارک، پبلک لائبریری، شاپنگ سینٹر، تعلیم، صحت، نادرا اور صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل اور مطالبات پیش کیے گئے۔

30 ستمبر کے بعد فائر سیفٹی ایس او پیز پر عمل کرنے والی بلند عمارتیں سیل کر دی جائیں گی

خواجہ سلمان رفیق

فائر سیفٹی پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، مالکان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی' صوبائی وزیر کی پریس کانفرنس

ایمرجنسی سروسز میں بہتری لانے کیلئے 256 ایمبولینسز کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ایئر ایمبولینس اور موٹر وے پر ایمرجنسی سروسز کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق محکمہ ایمرجنسی سروسز میں جدید یفارمز لا رہے ہیں، پنجاب میں فائر سیفٹی پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، 30 ستمبر تک پنجاب کی تمام بلند و بالا عمارات کو ایس او پیز کے مطابق اقدامات کرنے کا وقت دیا جا رہا ہے، 30 ستمبر کے بعد ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والی بلند و بالا عمارات کو سیل کر دیا جائے گا اور مالکان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایمرجنسی ہیڈ کوارٹرز میں فائر سیفٹی کے حوالہ سے اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر و دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی اور سانحہ بند روڈ لاہور کے شہداء کی (بقیہ نمبر 1)



لاہور: وزیر قانون رانا محمد اقبال خان فزیو گو یوکلینک اینڈ اکیڈمی میں قائم جمیلہ بیگم ری ہیبلی ٹیشن سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کا 39 سال پرانے اراضی کیس پر فیصلہ، تکمیل کا دعویٰ مسترد

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے 39 سالہ پرانے اراضی تنازعہ سے متعلق فیصلہ سنا دیا، عدالت نے 1987ء کے معاہدہ اراضی کی تکمیل کا دعویٰ مسترد کر دیا۔ درخواست گزاروں نے 27 جولائی 1987ء کو 199 کنال 9 مرلہ اراضی کے لیے دس لاکھ روپے کے عوض معاہدہ بیع کیا تھا، جس میں ایک لاکھ روپے بطور بیعانہ ادا کیے گئے تھے۔

بسنت کی تیاریاں، پتنگ سازی کے لائسنسز کی تصدیق تیز کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے بسنت 2027ء کے ثقافتی ایونٹ کو محفوظ بنانے کے لیے پتنگ سازی کے مینوفیکچرنگ لائسنسز کی تصدیق کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ 5 ستمبر سے پتنگ سازی کے مینوفیکچرنگ لائسنسز کے لیے رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔

لوئر مال پولیس کی کارروائی، تین رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار

لاہور (آئی این پی) لوئر مال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نو جوان لڑکوں پر مشتمل تین رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلیں اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا، ایس پی سٹی کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت عمیر، عاقب اور عظیم کے نام سے ہوئی ہے، ملزمان نے چند روز قبل ٹیپ روڈ سے موٹر سائیکل چوری کی تھی۔

گوجر خان، 9 سالہ بچے کا قتل، لواحقین کا ملزمان کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچانے کا مطالبہ

کیس کی تفتیش میں تیزی سے پیش رفت جاری، شواہد و نمونے فرانزک جانچ کے لیے متعلقہ لیبارٹری بھجوائے جا چکے ہیں

گوجر خان (آئی این پی) 9 سالہ معصوم محمد ایان کے المناک قتل کے واقعہ نے پورے گوجر خان کو سوگوار کر رکھا ہے، جبکہ شہری، سیاسی، سماجی اور صحافتی حلقے معصوم بچے کے لیے انصاف اور ملزمان کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اور شواہد و نمونے فرانزک جانچ کے لیے متعلقہ لیبارٹری بھجوائے جا چکے ہیں۔ اس صورتحال میں شہری و صحافتی حلقوں کے ایک طبقے نے سوشل میڈیا پر کیس کے حوالے سے قبل از وقت قیاس آرائیوں، نامکمل معلومات اور غیر مصدقہ دعووں کے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے

انسانیت، ثقافت اور دوستی کی روشن علامت ہے' عائشہ بخش

شرائن ڈویلپمنٹ اور مدارس کی مین اسٹریمنگ کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں' ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (آئی این پی) تاریخی آسٹریلیا مسجد لاہور کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر منعقدہ پروقار صد سالہ تقریب کا باقاعدہ افتتاح بانی مسجد خواجہ محمد بخش کی نواسی اور سلام فیسٹ کی بانی عائشہ بخش (پرتھ، آسٹریلیا) نے کیا۔ 1926ء میں ان کے نانا خواجہ محمد بخش کی قائم کردہ آسٹریلیا مسجد محض اینٹ اور پتھر کا ڈھانچہ نہیں بلکہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ایک صدی پر محیط ایمان، انسانیت، ثقافت، محبت اور لازوال دوستی کی جیتی جاگتی علامت ہے

پاکستانی تل کی بڑھتی طلب کے پیش نظر تل کی ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کر کے چینی مارکیٹ میں برآمد کرنے کا منصوبہ

آئی ایم جی گروپ نے 2 ہزار مربع میٹر رقبے پر پروسیسنگ پلانٹ قائم کر لیا

لاہور (آئی این پی) چین میں پاکستانی تل کی بڑھتی طلب کے پیش نظر انٹرنیشنل ملٹی گروپ کی کمپنیز نے پاکستان میں تل کی ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کر کے چینی مارکیٹ میں برآمد کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا، اس مقصد کے لیے گروپ نے تقریباً 2 ہزار مربع میٹر رقبے پر پروسیسنگ پلانٹ قائم کیا ہے جبکہ چینی آلات فراہم کرنے والی کمپنیوں سے جدید مشینری کی فراہمی کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ پاکستان نے 2026 کے پہلے سات ماہ میں چین کو 103,340 ٹن تل کے بیج برآمد کیے جن کی مالیت 105.29 ملین ڈالر رہی۔ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں برآمدی

الحمرا اور پی آئی ٹی بی کے درمیان کیش لیس ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کا معاہدہ طے

لاہور (آئی این پی) لاہور آرٹس کونسل الحمرا اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (پی آئی ٹی بی) کے درمیان الحمرا میں PayZen کے ذریعے جدید ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کے نفاذ کے لیے معاہدہ طے پا گیا۔ معاہدے پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد نواز گوندل اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ پروکیورمنٹ پی آئی ٹی بی عطا الرحمٰن نے دستخط کیے۔

مرید کے، ٹریفک حادثہ نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے 61 سالہ شخص جاں بحق

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مرید کے جی ٹی روڈ بنگلہ پلی اسٹاپ کے قریب تیز رفتار نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے پیدل سڑک عبور کرنے والا 61 سالہ شخص موقع پر ہی دم توڑ گیا تفصیلات کے مطابق بنگلہ پلی اسٹاپ کے قریب ایک شخص سڑک عبور کر رہا تھا کہ تیز رفتار نامعلوم گاڑی نے اسٹیکر ماردی حادثہ اتنا شدید تھا کہ حادثے کا شکار شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا

راولپنڈی، اڈیالہ جیل کا قیدی ہسپتال منتقلی کے دوران انتقال کر گیا

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں اڈیالہ جیل کا قیدی اویس احمد ہسپتال منتقلی کے دوران انتقال کر گیا۔ پولیس کے مطابق 40 سالہ قیدی کی اچانک طبیعت خراب ہوئی تھی جس کے بعد اسپتال منتقلی کے دوران وہ دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق قیدی کے خلاف منشیات ایکٹ کی دفعہ نائن سی کے تحت مقدمہ درج تھا۔

واپڈا نے دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتِ حال بارے اعداد و شمار جاری کر دیئے

اسلام آباد (آئی این پی) واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) نے دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتِ حال بارے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ ترجمان واپڈا کے اعداد و شمار کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 1 لاکھ 16 ہزار 300 اور اخراج 1 لاکھ 54 ہزار 800 کیوسک ہے جب کہ دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 11 ہزار 400 اور اخراج 30 ہزار کیوسک ہے۔

برائلر گوشت کے نرخ مستحکم، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (آئی این پی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 468 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 323 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے اضافے سے 243 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail dailysehar1@gmail.com

عوام کے لیے روٹی بھی مہنگی، آٹے کا 50 کلو تھیلا 8 ہزار روپے تک پہنچ گیا

غیر جی ایم گندم عالمی منڈی میں پریمیم کے بجائے رعایتی نرخ پر فروخت ہو رہی ہے، رپورٹ

سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب میں آٹا مہنگا ہو چکا ہے جس سے کسان اور صارف دونوں متاثر ہو رہے ہیں، صدر کسان اتحاد

ناقص ذخیرہ کاری کے باعث گندم میں نمی اور کیڑوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، جس سے اس کی برآمدی قدر کم ہو جاتی ہے، ماہرین کی گفتگو

کراچی (آئی این پی) گزشتہ سال گندم کی بھرپور پیداوار کے باوجود ملک میں آٹا مسلسل مہنگا ہونے لگا اور بعض علاقوں میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ گئی جبکہ پاکستان کی غیر جینیاتی طور پر تبدیل شدہ (نان جی ایم) گندم عالمی منڈی میں پریمیم کے بجائے رعایتی نرخ پر فروخت ہو رہی ہے۔ بدانتظامی، کمزور سپلائی چین اور گندم ذخیرہ کرنے کے ناقص نظام کے باعث ایک طرف مقامی صارفین مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں تو دوسری جانب پاکستانی گندم کو عالمی منڈی میں معیار کے خطرے کے باعث کم قیمت مل رہی ہے۔ کراچی کی ہول سیل مارکیٹ میں گزشتہ 4 ماہ کے دوران گندم کی قیمت 90 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگئی، یعنی قیمت میں 42 روپے فی کلو اضافہ ہو (بقیہ نمبر 2)

قصور، مرید کے میں ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق

21 سالہ علی حسنین ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آ کر، 61 سالہ امانت علی گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہوا

قصور/مرید کے (آئی این پی) قصور اور مرید کے میں ٹریفک حادثات میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک بچہ زخمی ہو گیا۔ قصور کے علاقے سکندر پورہ کے قریب لکڑی سے لدی ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر بچہ اور نوجوان کچلے گئے۔ حادثے میں 21 سالہ علی حسنین جاں بحق جبکہ 8 سالہ محمد علی زخمی ہو گیا، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ پولیس نے ریسکیو ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش کو ضروری کارروائی کے ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ زخمی بچے کو بھی طبی امداد کے لئے ہسپتال داخل کرا دیا۔

کراچی، کلری میں گھر سے مردہ جانوروں کا گوشت برآمد، قصائی گرفتار

آگرہ تاج کے قریب گھر میں جانور ذبح کیے جانے کا انکشاف، گوشت کے نمونے تجزیے کیلئے لیبارٹری بھجوانے کا فیصلہ

کراچی (آئی این پی) سندھ فوڈ اتھارٹی نے صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزماں کی ہدایت پر کراچی کے علاقے کلری میں کارروائی کرتے ہوئے بڑی تعداد میں مردہ جانوروں کا گوشت برآمد کر لیا جبکہ آگرہ تاج کے قریب ایک گھر میں جانور ذبح کرنے والے قصائی کو گرفتار کر لیا گیا۔ سندھ فوڈ اتھارٹی ضلع جنوبی کی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر کی ہدایت پر کارروائی کی۔ حکام کے مطابق مذکورہ گھر میں جانور ذبح کیے جا رہے تھے، جہاں سے بڑی مقدار میں گوشت برآمد کیا گیا۔ سندھ فوڈ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق برآمد شدہ گوشت کے نمونے مزید جانچ کیلئے لیبارٹری بھجوائے جائیں گے تاکہ گوشت کے معیار اور انسانی استعمال کیلئے موزوں ہونے کا تعین کیا جا سکے۔



کراچی: سٹی کورٹ میں ایڈووکیٹ جبران ناصر رضا کیس کے حوالے سے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے

لاہور: خانہ بدوشوں کے 562 گھوڑوں، گدھوں اور خچروں کی ویکسی نیشن

مال برداری کے جانوروں کو مہلک اور موذی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسی نیشن مہم کا آغاز کیا گیا

لاہور (پ ر) سماجی تنظیم 'گوڈ' کے زیر اہتمام بروک انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے اشتراک سے ٹھوکر نیاز بیگ میں خانہ بدوشوں کے مال برداری کے جانوروں کو مہلک اور موذی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسی نیشن مہم کا آغاز کیا گیا۔ مہم کے پہلے مرحلے میں 562 گھوڑوں، گدھوں اور خچروں کو حفاظتی ویکسین لگائی گئی۔ اس موقع پر زونل پروگرام منیجر ڈاکٹر عمران کبیر نے خانہ بدوشوں کو جانوروں کو مختلف موذی امراض سے محفوظ رکھنے، بروقت علاج اور مناسب دیکھ بھال کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ بروک انٹرنیشنل کے ویٹرنری ڈاکٹرز خادم حسین اور ڈاکٹر داؤد سمیت 'گوڈ' کے اسٹاف علمدار شاہ، منا ہل عائشہ اور آفیر بھی موجود تھے۔ ماہرین نے مویشی پالنے والے بچوں کو جانوروں میں ظاہر ہونے والی مختلف بیماریوں کی علامات، احتیاطی تدابیر اور بروقت علاج کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا۔ منتظمین کے مطابق ویکسی نیشن مہم کا مقصد خانہ بدوش برادری کے (بقیہ نمبر 3)

ڈولفن سکواڈ کا بڑا کریک ڈاؤن، 8 سال سے مفرور اشتہاری گرفتار

لاہور (آئی این پی) ڈولفن سکواڈ نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 8 سال سے مفرور 8 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان شیخوپورہ، اوکاڑہ اور لاہور پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے، ملزمان گزشتہ 8 سال سے مختلف عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات میں مفرور چلے آ رہے تھے۔

ایل ڈی اے کی سروسز ڈیجیٹل، فیلڈ ٹیموں کو جلد باڈی کیمز دینے کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ایل ڈی اے اربن پلاننگ اینڈ ڈیزائن سنٹر کا دورہ کیا، جہاں ایڈیشنل ڈی جی ہیڈ کوارٹرز اور چیف ٹاؤن پلانرز نے انہیں بریفنگ دی۔ سنٹر میں ٹاؤن پلاننگ اور ماسٹر پلاننگ کے افسران ایک ہی جگہ تعینات ہوں گے۔

لاہور، مختلف واقعات میں دو مبینہ خودکشیوں سمیت پانچ افراد جاں بحق

لاہور (آئی این پی) لاہور میں مختلف واقعات کے دوران دو مبینہ خودکشیوں سمیت پانچ افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق گلبرگ، شاہ فیصل کالونی کے علاقے میں 36 سالہ عمیر نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی، نشتر کالونی، کماہاں گاؤں 34 سالہ شخص نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر جان دے دی



لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

طلبہ کیلئے ای بائیکس سکیم، سکوٹی ڈرائیونگ سکولز اور جین زی کانٹرز قائم

خواتین کو ایل او ایس فیروز پور روڈ پر مفت سکوٹی ٹریننگ، لائسنس کے حصول کیلئے بھی سہولت فراہم کر دی گئی

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طلبہ و طالبات کے لئے ای بائیکس سکیم کے تحت سہولیات میں اضافہ کر دیا گیا۔ لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے طلبہ و طالبات کو سکوٹی چلانے کی تربیت اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول میں آسانی فراہم کرنے کے لئے نئے سکوٹی ڈرائیونگ سکولز اور جین زی کاؤنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کی ہدایت پر طلبہ و طالبات کی سہولت کے لئے 5،5 ڈرائیونگ ٹریننگ سکولز قائم کیے گئے ہیں جبکہ تمام لائسنس سینٹرز میں جین زی کاؤنٹرز بھی بنائے گئے ہیں۔

پنجاب بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری ہے' ترجمان محکمہ فوڈ

پنجاب بھر میں مجموعی طور پر 8 لاکھ 29 ہزار 118 تھیلے آٹا سپلائی، دستیابی اور قیمتوں کی کڑی نگرانی جاری ہے

لاہور (آئی این پی) ترجمان محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری ہے اور مارکیٹ میں آٹے کی کسی قسم کی شارٹیج نہیں ہے۔ 10 ستمبر 2026 تک پنجاب میں سرکاری گندم سے تیار کردہ آٹے کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق پنجاب کی فلور ملز سرکاری گندم گرائنڈ کر کے 10 کلو آٹے کا تھیلا 1100 روپے میں فراہم کر رہی ہیں۔

جنرل ہسپتال کے این این یو میں فائر سیفٹی کے فول پروف انتظامات مکمل

نوزائیدہ بچوں کے تحفظ کیلئے عالمی معیار کا حفاظتی نظام فعال' ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فرہاد حسین

لاہور (آئی این پی) حکومت پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال کے نیونیٹل نیورولوجی یونٹ (این این یو) میں فائر سیفٹی اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے فول پروف حفاظتی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں نوزائیدہ بچوں کی جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے یونٹ میں جدید حفاظتی آلات اور ہنگامی نظام فعال کر دیا گیا ہے نوزائیدہ بچوں سمیت تمام مریضوں کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہسپتال میں فائر سیفٹی کے تمام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے



معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد انٹرنیشنل فوڈ ایشیاء ایکسپو کا افتتاح کرتے ہوئے

فوڈ سیفٹی سے ایکسپورٹ تک؛ حلال اور صحت بخش فوڈ کا نیا سفر

پاکستانی فوڈ انڈسٹری کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی کے لیے فوڈ اتھارٹی کا احسن اقدام

لاہور (سٹاف رپورٹر) فوڈ سیفٹی سے ایکسپورٹ تک؛ حلال اور صحت بخش فوڈ کا نیا سفر۔ پاکستانی فوڈ انڈسٹری کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی کے لیے فوڈ اتھارٹی کا احسن اقدام۔ معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد نے انٹرنیشنل فوڈ ایشیاء ایکسپو کا افتتاح کیا۔ معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے سٹالز کا دورہ بھی کیا۔ 1 ہزار سے زائد ملکی و غیر ملکی کمپنیاں اپنی مصنوعات پیش کریں گی، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ۔ پروگرام میں 15 ممالک سے 80 سے زائد بین الاقوامی وفود لاہور میں شرکت کر رہے ہیں، سلمیٰ بٹ۔ 1000 سے زیادہ برانڈز جدید پراسیسنگ اور پیکنگ میں جدت سے مستفید ہوں گے، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ۔ پنجاب، سندھ، خیبر پختون خواہ، بلوچستان آج لاہور میں اکٹھے ہیں، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ۔ امپورٹ، ایکسپورٹ، ٹریڈ کو ایک ایکو سسٹم کیساتھ جوڑ دیا ہے، سلمیٰ بٹ۔ آج فوڈ گریڈ پیکنگ، نیوٹریشن آگاہی، ایکسپورٹ میں اضافے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، سلمیٰ بٹ۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے، سلمیٰ بٹ۔ ہر خاص و عام، چھوٹے بڑے فوڈ پوائنٹس، پروڈکشن یونٹس کی چیکنگ جاری ہے، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ۔ وزیر اعلیٰ کا دوٹوک موقف؛ پنجاب کو ملاوٹ سے پاک بنانا ہے، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ۔ نیوٹریشن، معیاری خوراک، فوڈ بزنس فیسیلیٹیشن اور فوڈ سیفٹی آگاہی کے حوالے سے سٹالز بھی لگائے گئے ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی۔ پاکستان کی فوڈ انڈسٹری کو عالمی مارکیٹ سے جوڑنے کے لیے ایکسپو کا انعقاد کیا جا رہا ہے، منصور احمد۔ فوڈ سیکٹر کو بہتر سے بہترین بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر اقدامات جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی۔ فوڈ سیفٹی، فوڈ سیکورٹی کو ہر سطح پر یقینی بنایا جا رہا ہے، منصور احمد

کراچی میں جمع پانی میں ڈوب کر 12 سالہ لڑکا جاں بحق


سوک سینٹر کے قریب زیر تعمیر پلاٹ میں تین دوست نہا رہے تھے

کراچی (آئی این پی) حسن اسکوائر، سوک سینٹر کے قریب زیر تعمیر عمارت کے باہر جمع گہرے پانی میں ڈوب کر 12 سالہ لڑکا جاں بحق ہو گیا، ریسکیو اہلکاروں نے تقریباً آدھے گھنٹے کی جدوجہد کے بعد بچے کی لاش پانی سے نکال لی۔ ریسکیو حکام کے مطابق سوک سینٹر اور ٹاؤن آفس کے درمیان واقع زیر تعمیر پلاٹ میں تین دوست پانی میں نہا رہے تھے، اس دوران 12 سالہ ایلیا پتھر سے چوٹ لگنے کے باعث پانی میں ڈوب گیا، جبکہ اس کے دو دوست اپنی مدد آپ کے تحت پانی سے باہر نکل آئے واقعے کی اطلاع رات تقریباً 11 بج کر 12 منٹ پر ریسکیو 1122 کو دی گئی۔

چہرے سے بالوں تک، ماہرین نے لونگ کے تیل کے 5 ممکنہ فوائد بتا دیئے

مہاسوں اور جلد کی نگہداشت میں مددگار، اینٹی آکسیڈینٹ خصوصیات بھی موجود

کراچی (آئی این پی) لونگ صرف کھانوں میں خوشبو اور ذائقہ بڑھانے کے لیے ہی استعمال نہیں ہوتی بلکہ اس سے حاصل ہونے والا تیل بھی جلد اور بالوں کی نگہداشت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لونگ کے تیل میں موجود اہم جز یوجینول اینٹی آکسیڈینٹ اور جراثیم کے خلاف خصوصیات رکھتا ہے، تاہم یہ تیل انتہائی مرتکز ہوتا ہے اور جلد پر براہِ راست استعمال نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ لونگ کے تیل میں جراثیم کے خلاف خصوصیات پائی جاتی ہیں اسی وجہ سے اسے بعض جلد کی نگہداشت کی مصنوعات میں شامل کیا جاتا ہے۔ تاہم خالص لونگ کا تیل مہاسوں پر براہِ راست لگانا مناسب نہیں۔ اسے کسی مناسب کیریئر آئل میں انتہائی کم مقدار میں ملا کر استعمال کیا جا سکتا ہے



لاہور: ریلوے اسٹیشن لاہور کے سامنے روشنیوں کے رنگ بکھیرتے فوارے کا دلکش منظر

نیشنل ہیلتھ ایوارڈز، حامد الرحمٰن آؤٹ اسٹینڈنگ ہیلتھ جرنلسٹ قرار

تیسرے نیشنل ہیلتھ ایوارڈز میں نجی ٹی وی کے صحت و تعلیم کے رپورٹر کو اعزاز

کراچی (آئی این پی) تیسرے نیشنل ہیلتھ ایوارڈز کی تقریب میں صحت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات، اداروں اور صحافیوں کو ایوارڈز اور شیلڈز سے نوازا گیا۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقدہ تقریب میں ہیلتھ جرنلزم کے شعبے میں نمایاں کارکردگی پر نجی ٹی وی کے صحت و تعلیم کے رپورٹر حامد الرحمٰن کو ''آؤٹ اسٹینڈنگ ہیلتھ جرنلسٹ'' کے ایوارڈ سے نوازا گیا جبکہ نجی ہی ٹی وی کے سینئر ہیلتھ رپورٹر محمد انور خان کو بھی ہیلتھ جرنلزم کے شعبے میں ایوارڈ دیا گیا۔ تقریب میں صحت، طبی تحقیق، عوامی صحت، ہسپتالوں کی قیادت اور طبی ٹیکنالوجی کے شعبوں سے وابستہ ملکی و غیر ملکی ماہرین اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔

میانوالی کے نجی تعلیمی اداروں نے تین ماہ گرمیوں کی چھٹیوں کی فیس کی وصولی کے لئے طلبا کو نوٹس جاری کر دیئے

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے نجی تعلیمی اداروں نے تین ماہ گرمیوں کی چھٹیوں کی فیس کی وصولی کے لئے طلبا کو نوٹس جاری کر دیئے ہیں، نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کی جانب سے جو رواں ماہ کی فیس کے بلز دیئے گئے ہیں ان میں گرمیوں کی چھٹیوں کی فیس بھی شامل ہے، جبکہ پنجاب حکومت نے چھٹیوں میں فیس وصول کرنے پر سخت پابندی عائد کر رکھی تھی

میانوالی، تحریک انصاف کے عہدیداران اور کارکنان کی پکڑ دھکڑ اپنے عروج پر، درجنوں کارکنان گرفتار

میانوالی